صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز سوموار مورخہ 13 ستمبر 2021ء بمطابق 5 صفر المظفر 1443ہجری دوپہر دو بجکر پینتالیس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب ڈپٹی سپیکر، محمود جان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

تلاوت کلام پاک اور اس کا ترجمہ

اَعُوذُ بِٱللَّهِ مِنَ ٱلشَّيۡطَـٰنِ ٱلرَّجِيمِ۔ بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَـٰنِ ٱلرَّحِيمِ

قٰلَ كَمۡ لَبِثۡتُمۡ فِى الۡاَرۡضِ عَدَدَ سِنِيۡنَ O قَالُوۡا لَبِثۡنَا يَوۡمًا اَوۡ بَعۡضَ يَوۡمٍ فَسۡـَٔلِ الۡعَآدِّيۡنَ O قٰلَ اِنۡ لَّبِثۡتُمۡ اِلَّا قَلِيۡلًا لَّوۡ اَنَّكُمۡ كُنۡتُمۡ تَعۡلَمُوۡنَO اَفَحَسِبۡتُمۡ اَنَّمَا خَلَقۡنٰكُمۡ عَبَثًا وَّاَنَّكُمۡ اِلَيۡنَا لَا تُرۡجَعُوۡنَ O فَتَعٰلَى اللّٰهُ الۡمَلِكُ الۡحَقُّ ۚ لَاۤ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ ۚ رَبُّ الۡعَرۡشِ الۡكَرِيۡمِ O وَمَنۡ يَّدۡعُ مَعَ اللّٰهِ اِلٰهًا اٰخَرَ ۙ لَا بُرۡهَانَ لَهٗ بِهٖ ۙ Oفَاِنَّمَا حِسَابُهٗ عِنۡدَ رَبِّهٖ ۗ اِنَّهٗ لَا يُفۡلِحُ الۡكٰفِرُوۡنَO وَقُلْ رَّبِّ اغۡفِرۡ وَارۡحَمۡ وَاَنۡتَ خَيۡرُ الرّٰحِمِيۡنَ ۔

(ترجمہ): پھر اللہ تعالیٰ ان سے پوچھے گا بتاؤ زمین میں تم کتنے سال رہے؟ وہ کہیں گے کہ ایک دن یا دن کا بھی کچھ حصہ ہم وہاں ٹھہرے ہیں۔ شمار کرنے والوں سے پوچھ لیجیے۔ ارشاد ہو گا تھوڑی ہی دیر ٹھہرے ہو کاش تم نے یہ اس وقت جانا ہوتا کیا تم نے یہ سمجھ رکھا تھا کہ ہم نے تمہیں فضول ہی پیدا کیا ہے اور تمہیں ہماری طرف کبھی پلٹنا ہی نہیں، پس بالا و برتر ہے اللہ، بادشاہ حقیقی، کوئی خدا اس کے سوا نہیں، مالک ہے عرش بزرگ کا اور جو کوئی اللہ کے ساتھ کسی اور معبود کو پکارے جس کے لئے اس کے پاس کوئی دلیل نہیں، تو اس کا حساب اس کے رب کے پاس ہے۔ ایسے کافر کبھی فلاح نہیں پا سکتے۔ اے نبی ﷺ کہو میرے رب درگزر فرما اور رحم کر تو سب رحیموں سے اچھا رحیم ہے۔ وآخِرُ الدَعۡوَانا أَنِ ٱلۡحَمۡدُ لِلَّهِ رَبِّ ٱلۡعَـٰلَمِينَ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جزاکم اللہ۔ جیسا کہ آپ سب کو معلوم ہے کہ ہماری اسمبلی کے سابق رکن رحیم داد خان صاحب کی وفات ہو چکی ہے اور وہ اس اسمبلی کا حصہ رہ چکے ہیں، میں ڈاکٹر امجد صاحب سے ریکویسٹ کروں گا کہ وہ دعائے مغفرت کریں۔

جناب فضل شکور خان (وزیر قانون): نعمان آفریدی صاحب کے لئے بھی دعائے مغفرت مانگی جائے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی جی، نعمان آفریدی صاحب کے لئے بھی، سب کے لئے کرلیں۔

(اس مرحلہ پر دعائے مغفرت کی گئی)

نشانزدہ سوالات اور ان کے جوابات

جناب ڈپٹی سپیکر: 'کوئسچنز آور: شگفتہ ملک صاحبہ، کوئسچن نمبر 12623۔

* 12623 _ محترمہ شگفتہ ملک: کیا وزیر کھیل و ثقافت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ثقافت ہر سال فنکاروں کو بطور معاوضہ اور ثقافتی سرگرمیوں کے لئے بجٹ فراہم کیا جاتا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو سال 2018ء سے تاحال کتنے فنکاروں کو کتنی رقوم کس کس مد میں فراہم کی گئی ہیں، تمام فنکاروں کے نام، ادا شدہ رقم اور چیک کی کاپی فراہم کریں، نیز درجہ بالا ادوار میں کتنی ثقافتی سرگرمیاں کہاں کہاں اور کن کن موضوعات پر کتنی رقوم سے کرائی گئی ہیں، مزید کتنی زیر غور ہیں، تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر محنت و ثقافت) جواب (معاون خصوصی برائے اعلیٰ تعلیم نے پڑھا):

(الف) جی ہاں، محکمہ ثقافت حکومت کی طرف سے ثقافتی سرگرمیوں کے لئے گرانٹ فراہم کی جاتی ہے تاہم فنکاروں کی فلاح و بہبود اور اعزازیہ کی مد میں ہر سال بجٹ فراہم نہیں کیا جاتا۔

(ب) سال 18-2017ء میں فنکاروں کے لئے حکومت خیبر پختونخوا کی طرف سے تیرہ اعشاریہ پانچ (13.5) ملین روپے کی لاگت سے "ثقافت کے زندہ امین" کا منصوبہ شروع کیا گیا جس میں کل پانچ سو فنکاروں کو نو ماہ کے لئے ماہانہ تیس (30) ہزار روپے اعزازیہ کے طور پر دیئے گئے جس کی تفصیل ریکارڈ میں موجود ہے، مزید برآں ثقافتی سرگرمیوں کی تفصیل برائے سال 19-2018ء اور 20-2019ء ریکارڈ میں دی گئی ہے۔ (تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی)۔

محترمہ شگفتہ ملک: مهربانی، جناب سپیکر صاحب۔ زما سپلیمنټري سوال دا دے چې یو خو که سوال تاسو اوګورئ نو په دیکښې چې کوم ډیټیل ما د دوئ نه د چیکونو غوښتلی وو، د دې چیکونو چې کومې کاپیانې دی نو هغه دوئ ماله نه دی راکړی او چې څومره ډیټیل ما غوښتلے وو، یو خو هغه نشته دے او بل تاسو اوګورئ چې په دیکښې کوم ما د دوئ نه غوښتلے وو چې څومره Activities د ثقافت په حوالې سره شوې دی؟ په هغې کښې چې کوم دوئ ماته راکړی دی، په هغې کښې خو داسې Activities دی چې د هغې د پختونخوا سره تعلق نشته دے، لکه تاسو اوګورئ چې په اسلام آباد کښې یو Activity شوې ده، په لاهور کښې Activity شوې ده، هغه هم دوئ په دیکښې راکړی دی۔ بل دا چې هغه ورځ چې هغه مونږه د'نیشنل ډے' که هغه د'کشمیر ډے' ده، که هغه نورې داسې ورځې دی، هغه Activities خو نه دی، زه خو دا وایم چې په دې پختونخوا کښې د ثقافت حوالې سره، زمونږ د کلتور حوالې سره کوم Activities شوی دی، د هغې تاسو اوګورئ چې دوئ ماته لیکلی دی، دا مختلف به زه تاسو ته اووایم، اوس 'کشمیر ډے' ، تاسو دې ته اوګورئ چې 'کشمیر ډے' د کوم ځائې نه ثقافت کښې راغله یا زمونږه نورې داسې قومی ورځې، دا خو قومی ورځې دی، دا خو ثقافت نه دے۔ زه خو په دې جواب نه پوهیږم چې دا جواب چا لیکلے دے او دا ډیپارټمنټ په کومه طریقه، ماته دې لږ Clear کړی جی۔

Mr. Deputy Speaker: Concerned Minister, Kamran Bangash Sahib.

جناب کامران خان بنگش (معاون خصوصی برائے اعلیٰ تعلیم): شکریہ، جناب سپیکر۔ کشمیر کے حوالے سے انہوں نے جو بات کی ہے، کشمیری خیبر پختونخوا میں بہت بڑی تعداد میں رہتے ہیں، ان کی بھی کشمیر کے حوالے سے جو Cultural events or black day منایا جاتا ہے، میرے خیال سے وہ Clear ہے، انہوں نے جو Cheques کی ڈیمانڈ کی ہے، لسٹ کو Provide کیا گیا ہے، Cheques بھی ان کو مل سکتے ہیں، As such کوئی اتنا بڑا ایشو نہیں ہے لیکن یہ جو "ثقافت کے زندہ امین" کا پراجیکٹ ہے وہ اب Close ہو چکا ہے، اگر یہ پھر بھی Insist کرتی ہیں تو Cheques بھی ہم ان کو Provide کر دیتے ہیں، Otherwise ان کو ساری ڈیٹیل Provide کر دی گئی ہے، لاہور میں اگر کوئی Event ہوا ہے تو خیبر پختونخوا سے اپنے کلچر کے حوالے سے ایک Delegation جاتا ہے، مثال کے طور پر میں کشمیر کے

حوالے سے جو Cultural activity کو لاہور میں جو Black day منایا گیا، یہ ہو سکتا ہے کہ پشتو میں کشمیر کے حوالے سے کوئی ترانہ ہو یا کوئی Skit جو وہاں پر ہمارے ادھر جو Cultural artists ہیں، ان کی طرف سے یہ ایسی بات نہیں، ہم بالکل Interconnected ہیں، خیبر پختونخوا National events میں اپنی Representation کرتا ہے، اپنے کلچر کو Promote کرتا ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی، میڈیم شگفتہ ملک صاحبہ۔

محترمہ شگفتہ ملک: زہ جی دا ریکویسټ کوم، ماشاءاللہ کامران خو ډیر باذوقہ دے او دوئ تہ خو د کلتور او د ثقافت زما پہ خیال کافی علم هم شتہ دے، زہ هم دغہ وایم چې 'کشمیر ډے' شوہ یا نور شو نو دا Celebrations دی، دا قومی ورځې دی جی، زہ د ثقافت خبرہ کوم چې زمونږه ثقافتی Activities د خیبرپختونخوا خو دوئ ماتہ راکړی دی چې پہ دریو کالو کښې دولس سرگرمیانې شوې دی، پہ دولسو کښې دوئ ماتہ وائی چې تقریباً نہہ چې دی دا مختلف چې کومې قومی ورځې دی دا هغہ دی، زہ خو دې تہ حیرانہ یم چې دا دومرہ غټ ډیپارټمنټ دے او بیا زمونږه پختونخوا Already د Terrorism حوالې سرہ یو فرنټ لائن صوبہ دہ، ډیر زیات حالات Tense دی، پہ دیکښې زمونږه ځوانان لګیا دی، هغوی مختلف Events کوی، تاسو اوګورئ چې زمونږه ځوانان نشتر هال تہ لاړ شی او دوئ تہ دا اووائی چې تاسو مونږ تہ د هغې Payment هم کوئ، د Payment باوجود پہ نشتر هال کښې هر څوک چې دوئ کښینولی دی، هغوی ورتہ وائی چې تاسو پکښې میوزک کوئ ځکہ مونږه تاسو لہ نشترهال نہ درکوؤ۔ اوس زہ پہ دې نہ پوهیږم، کہ دا کلچر ډیپارټمنټ دے او پہ دیکښې تاسو دا میوزک او دا Activities نہ کوئ نو بیا خو دا تاسو بند کړئ، دا خو د ځوانانو د سرگرمیانو د پارہ دے، هغوی خپل Activities اوکړی۔ ډیرہ د افسوس خبرہ دہ چې څنګہ دوئ پہ دریو کالو کښې او دوئ وائی چې مونږه دا Activities کړی دی نو دا ډیپارټمنټ کوی کہ نہ؟ کامران صاحب، زہ ډیر پہ بخښنہ سرہ وایم چې دا ډیر مهم دے، دا ستاسو د پارہ هم ډیر مهم دے، ستاسو دا ځوانان چې کوم لګیا دی Activities کوی، دا تاسو لږ کمیټئ تہ ریفر کړئ، چې سټینډنګ کمیټی پہ دیکښې تپوس اوکړی چې د ثقافت د ډیپارټمنټ چې کوم څہ Activities دی، دا

خلق چې ناست دی، دوئ هلته څه کوی؟ زما ریکویسټ دا دے چې دا تاسو لږ کمیټئ ته ریفر کړئ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: کامران بنگش صاحب۔

معاون خصوصی برائے اعلیٰ تعلیم: سر، جوNational events ہوتے ہیں، اس میں یقیناً، میں دوبارہ تھوڑا ساExplainکرنے کی کوشش کرتا ہوں، پھر میں آگے بھی بتا دیتا ہوں۔National events میں جوNational daysہیں، وہاں پر خیبر پختونخوا کیFor instanceجوNational parade ہوتی ہے، اس میں اگر آپ دیکھ لیں تو وہاں پر خیبر پختونخوا کے Cultural dresses کی Promotionہوتی ہے، وہاں پر ہماری جو پوری ٹیم ہے وہ چلی جاتی ہے، وہاں پر خیبر پختونخوا کے کلچر کی Promotionہوتی ہے، اس حد تک تو میں یہ باتClearکر دینا چاہتا ہوں۔ انہوں نے جو نشتر ہال کی بات کی ہے، اگر ہم پچھلے تین سال کی بات کریں، تقریباً ڈیڑھ سال سے زیادہ ہماراCovidمیں گزرا ہے، جس میںIndoor activitiesبند تھیں یا اس طرح کیActivitiesکے ایشوز تھے، یقیناً سب کے سامنے ہیں، پوری دنیا اس کی لپیٹ میں ہے لیکن جو شگفتہ بی بی نے بات کی ہے کہ اس کو کمیٹی کے حوالے کر دیا جائے، ہمیں کوئی اعتراض نہیں کہ یہ کمیٹی کے پاس چلا جائے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میں ہاؤس کوPutکرتا ہوں۔

Is it the desire of the House that the Question No. 12623, asked by the honorable Member, may be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say ‘Ayes’ and those who are against it may say ‘Noes’.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The ‘Ayes’ have it. The Question is referred to the concerned Committee. Question No. 12712, Ms. Nighat Yasmeen Orakzai Sahiba.

* 12712 _ محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: کیا وزیر کھیل وثقافت ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ موجودہ حکومت نے ضلع ممند (سابقہ فاٹا) محکمہ کھیل وثقافت ٹوررازم، میوزیم آرکیالوجی اینڈ یوتھ آفیئرز کے شعبے کے لئے ترقیاتی فنڈز مختص کئے ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) مذکورہ محکمے کے لئے کل کتنا فنڈ مختص کیا گیا ہے؛

(ii) مذکورہ محکمے کے لئے کتنا فنڈ ریلیز کیا گیا ہے؛

(iii) مذکورہ محکمے میں کتنا فنڈ تاحال خرچ کیا گیا ہے، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر محنت وثقافت) جواب (جناب تیمور سلیم خان (وزیر خزانہ نے پڑھا):

نظامت ثقافت خیبر پختونخوا: (الف) جی نہیں، محکمہ ثقافت کو حکومت کی طرف سے ثقافتی سرگرمیوں کے لئے ضلع مہمند کے لئے سالانہ ترقیاتی پروگرام میں کوئی فنڈ مختص نہیں کیا گیا ہے، تاہم موجودہ صرف ایک منظور شدہ AIP scheme ہے جو کہ ثقافتی سرگرمیاں برائے ضم اضلاع خیبر پختونخوا کے نام سے موجود ہے۔

ٹورازم کارپوریشن خیبر پختونخوا: جی ہاں، شعبہ سیاحت میں ضلع مہمند کے لئے ترقیاتی فنڈز مختص کئے گئے ہیں جس منصوبے کی منظوری پی ڈی ڈبلیو پی نے 12 اکتوبر 2020ء کو دے دی ہے، نظامت ٹورسٹ سروسز کے تحت کوئی فنڈ مختص نہیں کیا گیا ہے۔

نظامت کھیل خیبر پختونخوا: جی ہاں، یہ درست ہے کہ موجودہ حکومت نے ضلع مہمند (سابقہ فاٹا) محکمہ کھیل، ثقافت ٹورازم، میوزیم آرکیالوجی اینڈ یوتھ آفیئرز کے شعبے کے لئے ترقیاتی فنڈ مختص کئے گئے ہیں۔

نظامت امور نوجوانان خیبر پختونخوا: جی ہاں، یہ درست ہے۔

نظامت آثار قدیمہ اور عجائب گھر خیبر پختونخوا: نظامت آثار قدیمہ اور عجائب گھر کے تحت کوئی فنڈ مختص نہیں کیا گیا ہے۔

(ب) نظامت ثقافت خیبر پختونخوا: (1) ترقیاتی ثقافتی سرگرمیاں برائے ضم اضلاع کے لئے ٹوٹل 690 ملین مختص کئے گئے ہیں اور برائے مالی 21-2020 کے لئے 100 ملین مختص کئے گئے ہیں۔

(2) محکمہ ثقافت کو ترقیاتی ثقافتی سرگرمیاں برائے ضم شدہ اضلاع خیبر پختونخوا کے لئے 20 ملین ریلیز کئے گئے ہیں۔

(3) محکمہ ثقافت خیبر پختونخوا نے شمالی وزیرستان میں اب تک کوئی فنڈ خرچ نہیں کیا۔

ٹورازم کارپوریشن خیبر پختونخوا: (1) محکمہ ہذا نے نئے ضم شدہ اضلاع میں ٹورازم کی ترویج و ترقی کے لئے ایک ترقیاتی منصوبہ متعلقہ فورم سے منظور کروایا ہے جس میں ضلع مہمند بھی شامل ہے، ضلع مہمند میں سیاحتی مقامات پر سہولیات فراہم کرنے کے لئے مبلغ 75 ملین روپے مختص کئے گئے ہیں۔

(2) مذکورہ منصوبہ کی کل لاگت مبلغ 2601 ملین روپے ہے جس کے لئے اس سال 200 ملین مختص اور جاری کئے گئے ہیں۔

(3) محکمہ ہذا کی سروے ٹیم نے سیاحتی لحاظ سے اہم مقامات کا جائزہ رپورٹ محکمہ سی اینڈ ڈبلیو کو ارسال کر دی ہے جس پر PC-1 بناکر منظوری کے لئے متعلقہ فورم میں پیش کر دیا جائے گا۔

نظامت ٹورایسٹ سروسز خیبر پختونخوا: نظامت ٹورایسٹ سروسز خیبر پختونخوا کے تحت کوئی فنڈ خرچ نہیں کیا ہے۔

نظامت کھیل ضم شدہ اضلاع: (1) مذکورہ محکمے کے لئے موجودہ حکومت نے اس سال کل 39.364 ملین فنڈز اے ڈی پی سے اور 27.816 ملین اے آئی پی سے مختص کئے۔

(2) محکمے کو 39.364 ملین فنڈز اے ڈی پی سے اور 27.816 ملین اے آئی پی سے ریلیز کئے گئے۔

(3) محکمے نے اس سال 7.023 ملین اے آئی پی سے مذکورہ ضلع میں کھیلوں کے میدان کی تعمیر پر خرچ کئے ہیں، اے ڈی پی سے تاحال کوئی فنڈ خرچ نہیں کیا گیا ہے تاہم کام جاری ہے۔

نظامت امور نوجوانان خیبر پختونخوا: ترقیاتی فنڈ کے مد میں مذکورہ محکمے کو تین ہزار ملین مختص کئے گئے ہیں تاہم ترقیاتی سکیم میں ضلع وار رقوم کی تخصیص نہیں کی گئی ہے یعنی مذکورہ ترقیاتی سکیم جملہ ضم شدہ اضلاع کے لئے تشکیل دی گئی ہے۔

مالی سال 21-2020 کے لئے 580 ملین اور مالی سال 22-2021 کے لئے 150 ملین کی رقوم ریلیز کی گئی ہے جو کہ مجموعی طور پر 730 ملین بنتے ہیں۔

مالی سال 2021ء میں 196 ملین اور مالی سال 22-2021ء میں 2.58 ملین روپے خرچ کئے گئے ہیں جو کہ مجموعی طور پر 198.58 ملین بنتے ہیں۔

نظامت آثار قدیمہ اور عجائب گھر خیبر پختونخوا: نظامت آثار قدیمہ اور عجائب گھر کے تحت کوئی فنڈ خرچ نہیں کیا ہے۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: تھینک یو، جناب سپیکر صاحب۔ یہ میرے پاس ایک ہفتہ پہلے کا جواب ہے، میں نے جو اورکزئی کی بات کی تھی، انہوں نے وہاں پر بھی یہی سوال و جواب میرے ساتھ کیا تھا جس پر میں نے بات کی تھی، تین ہزار ملین وہ پورے فاٹا کی Youth کے لئے مختص ہو چکے ہیں اور کھیل و ثقافت اور ان تمام چیزوں کے لئے تاکہ Youth ان Activities کی وجہ سے Positivity کی طرف جائیں،

بجائے اس کے کہ وہ نشے اور کسی اور جگہ پر وہ پھنس جائیں، Youth کی Activities کے لئے کھیلوں کے میدان ہیں، اسی طرح آرکیالوجی اور اسی طرح دوسری چیزیں جو کہ ان کو اپنی طرف Attract کریں۔ جناب سپیکر صاحب، انہوں مجھے اور کرزئی کا بھی Same جواب دیا تھا کیونکہ کورونا کی وجہ سے کمیٹیاں نہیں بن سکی تھیں، اس وجہ سے ہم نے ایک پیسہ فاٹا میں یعنی Merged area جو اورکزئی ہے، اس میں ہم نے خرچ نہیں کیا۔ ابھی میرا سوال مہمند کے لئے ہے، اس میں بھی میں نے یہی پوچھا ہے کہ کھیل وثقافت اور ٹوررازم میں انہوں نے کیا کیا ہے؟ مختصراً میں آپ سے بات کروں گی کہ اس میں یہ کہتے ہیں کہ سالانہ ترقیاتی فنڈ میں کوئی فنڈ مختص نہیں ہوا، دوسرے میں کہتے ہیں کہ ترقیاتی فنڈز مختص کئے گئے ہیں مگر ریلیز نہیں ہوئے، پھر تیسرے میں کہتے ہیں کہ ضلع مہمند سابقہ فاٹا میں کھیل وثقافت، ٹوررازم اور آرکیالوجی کے لئے فنڈز ریلیز نہیں کئے گئے اور مجھے بتایا بھی نہیں ہے کہ کتنے مختص ہوئے، کتنے ریلیز ہوئے؟ وہ کہہ رہے ہیں کہ ریلیز نہیں ہوئے لیکن مجھے بتایا بھی نہیں ہے کہ ریلیز نہیں ہوئے۔ پھر دوسرا اگر اثبات میں ہو تو میں کہوں گی کہ انہوں نے کہا ہے کہ 690 ملین مختص کئے گئے ہیں اور 21-2020ء کے لئے 100 ملین مختص کئے گئے ہیں۔ پھر یہ کہتے ہیں کہ ضم شدہ اضلاع خیبر کے لئے 20 ملین ریلیز ہوئے ہیں جبکہ میں نے مہمند کا سوال پوچھا ہے، شمالی وزیرستان میں کوئی فنڈر ریلیز نہیں ہوا ہے اور نہ لگا ہے۔ پھر یہ کہتے ہیں کہ 75 ملین مختص کئے گئے ہیں اور لگا کچھ بھی نہیں ہے، یہ ضلع مہمند کا ہے، پھر اس کے بعد کہتے ہیں کہ 2501 ملین روپے خرچ ہوئے ہیں، 200 ملین مختص اور جاری کئے گئے ہیں، لگایا کچھ بھی نہیں ہے، خرچ ایک روپیہ بھی نہیں ہوا ہے۔ پھر کہتے ہیں نظامت ٹورسٹ سروسز کے تحت کوئی فنڈ خرچ نہیں ہوا۔ پھر کہتے ہیں کہ 7 ملین وہ AIP کا فنڈ جو کہ صرف فاٹا کے لئے مختص ہوتا ہے، وہ ضلعے میں کھیلوں کے میدان کی تعمیر پر خرچ کئے ہیں، انہوں نے جو فنڈ اے ڈی پی فنڈ میں رکھا تھا، وہ فنڈ خرچ نہیں ہوا ہے۔ جناب سپیکر، پھر آگے آتے ہیں کہ جو تین ہزار ملین فنڈر کھا گیا تھا، اس میں سے مختص بھی نہیں کیا گیا اور ضم شدہ اضلاع کے لئے جو کمیٹیاں تشکیل دی گئی تھیں، انہوں نے Covid کی وجہ سے مزید کمیٹیاں تشکیل ہی نہیں کی ہیں۔ مالی سال 21-2020ء کے لئے 580 ملین اور مالی سال 22-2021ء کے لئے 150 ملین ریلیز کی ہیں جو کہ مجموعی طور پر 730 ملین بنتے ہیں۔ اب یہاں پر آجائیں کہ 21-2020ء میں 196 ملین میں خرچ ہو گئے اور پھر تین ملین ایک ہفتے میں خرچ ہو گئے، مجھے سمجھ نہیں آتی کہ ایک طرف کہتے ہیں کہ ریلیز نہیں ہوئے، نہیں لگائے گئے، مختص نہیں کئے گئے، پھر 106 ملین، جب کورونا کی وجہ سے کمیٹیاں

تشکیل ہی نہیں دی گئی ہیں تو ریلیز کیسے ہوئے، کیسے خرچ ہوئے؟ اور تین ملین ایک ہفتے میں خرچ ہوئے ہیں۔ میرا اورکزئی کے بارے جو سوال یہ ایک ہفتہ پہلے کا ہے جس میں انہوں نے کہا تھا کہ ایک پیسہ خرچ نہیں ہوا، ایک ہفتے میں کیسے خرچ کر سکتے ہیں؟ دوسرا جناب سپیکر صاحب، انہوں نے مجھے تفصیل نہیں دی کہ مہمند میں ہم نے کتنا پیسہ رکھا تھا؟ میں صرف چھوٹی سی بات کرنا چاہوں گی، مجھے پتہ ہے کہ کامران بنگش صاحب بہت Competent Minister ہیں، میں ان کو منسٹر کہتی ہوں کیونکہ جوابات وہ منسٹر کی طرح ہی دیتے ہیں، بہت Competent ہیں، میں Seriously بات کر رہی ہوں، دل سے میں یہ بات کر رہی ہوں، کیبنٹ میں بھی بیٹھتے ہیں، آخر یہ تین ہزار ملین کس کے کھاتے میں چلے گئے ہیں، یہ کس کی جیب میں چلے گئے ہیں، یہ کس کے بینک اکاؤنٹ میں پڑے ہیں، اس پر کون سود کھا رہا ہے؟ کیونکہ جب پیسے پڑے ہوتے ہیں تو کسی بوریوں میں آپ نے بھر کر تو نہیں رکھے ہوتے ہیں یا کہیں آپ نے کسی الماری میں نہیں رکھے ہوتے ہیں، یہ ضرور کسی بینک میں پڑے ہوتے ہیں، میں بار بار یہ کہتی ہوں کہ جب فاٹا کو آپ نے Merge کیا تو ہم فاٹا کے لئے چاہتے ہیں کہ اس کو آگے لے کر آئیں، ان کو Main stream میں لیکر آئیں، بجائے اس کے کہ ہم ان کو اس بات کی سزا دیں کہ وہ ہمارے ساتھ Merge کیوں ہوئے؟ یہی حال مہمند کا بھی ہے، مہمند کے لوگوں کے لئے میں یہ ضرور کہنا چاہوں گی کہ پیسے آپ کے ہیں لیکن پیسے بوریوں میں کہاں پر پڑے ہیں، بینکوں میں کہاں پڑے ہیں؟ کسی کے دراز میں پڑے ہوئے ہیں، کسی کی جیب میں پڑے ہوئے ہیں، اس پر سود خوری ہو رہی ہے، اس بات کا کامران بنگش صاحب ضرور مجھے جواب دیں گے، اس فاٹا کے ساتھ آپ کیا کرنا چاہتے ہیں، ان کو کیوں اتنی سزا دینا چاہتے ہیں؟

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: کامران بنگش صاحب۔

<u>جناب کامران خان بنگش (معاون خصوصی برائے اعلیٰ تعلیم)</u>: سر، نگہت بی بی کا یقیناً ہمارے خیبر پختونخوا حکومت کی طرح اور خیبر پختونخوا کے ہر باشندے کی طرح قبائلی اضلاع کے ساتھ ایک Emotional attachment ہے اور وہ قابل ستائش ہے، میں ان کا شکریہ بھی ادا کرتا ہوں۔ انہوں نے جو Compliments دیئے، انہوں نے باقاعدہ طور پر جو تفصیلات پڑھی ہیں، میں صرف Clarity کے لئے یہ کہہ رہا ہوں کہ جو سپورٹس، ٹورازم، آرکیالوجی، یوتھ آفیئرز کے جو مختلف ڈیپارٹمنٹس ہیں، جیسے نظامت ثقافت جس کو کلچر ڈیپارٹمنٹ کہتے ہیں، ٹورازم کارپوریشن، ٹورسٹ سروسز، ڈائریکٹوریٹ آف مرجڈ ایریاز، ڈائریکٹوریٹ آف یوتھ آفیئرز، ڈائریکٹوریٹ آف آرکیالوجی اینڈ میوزیمز اور یہ پانچ چھ

جو منسٹری کے ساتھ Affiliated ہیں۔ اب انہوں نے مہمند کے حوالے سے جو کوئسچن پوچھا ہے، سب ڈیپارٹمنٹس نے ان کو تفصیلات دی ہیں کہ یوتھ آفیئرز میں کتنے لگے ہیں، کتنے ریلیز ہوئے ہیں، ادھر آپ کی رولنگ موجود تھی کہ جیسے ہی کوئسچن آ جائے تو ڈیپارٹمنٹس Updated figures دے دیا کریں، ان کو جو ایک ہفتے پہلے جو ڈیٹیل ملی تھی، وہ ایجنڈے پر آنی تھی، ابھی ڈیپارٹمنٹ نے ان کو Updated reports دی ہیں اور تین ملین خرچ کرنا، انہوں جو کوئسچن کیا وہ میرے خیال سے اتنی بڑی Amount نہیں ہے، ایک ہفتے میں خرچ ہو سکتی ہے، انہوں نے Updated figures دیئے ہیں، اب ان کا جو کوئسچن ہے وہ ایک پورے Process کے تحت جو PDWP کی سکیم ہے، وہ ساری ڈیٹیل بھی یہاں پر Available ہے، اس کو میں میڈم کے حوالے کر دوں گا، ایک پورے Process کے تحت، یہ کوئی ایسی بات نہیں ہے کہ کسی کے Account میں پیسے پڑے ہوتے ہیں یا کسی کو سود ملتا ہے، یہ تین ہزار ملین کی ایک Block allocation تھی، AIP schemes کے تحت مختلف محکموں میں جو جو ریلیزز ہوئی ہیں، میری صرف یہ Submission ہے کہ یہ ہماری بہن ہیں، ہماری سینیئر ہیں کہ وہ اس میں کیا پوچھنا چاہتی ہیں، ان کے کیا Concerns ہیں؟ تاکہ ہم Accordingly اس کو Address کر سکیں، کیونکہ ڈیپارٹمنٹ نے تو ساری ڈیٹیل دی ہوئی ہے، ساتھ Attachments بھی انہوں نے دیئے ہوئے ہیں، اگر ان کو کسی بھی Specific scheme کے حوالے سے معلومات چاہئیں تو وہ ہم دے دیتے ہیں۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> جی میڈم۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی:</u> جناب سپیکر صاحب، میں پھر بھی یہی کہوں گی کہ وہ ڈیپارٹمنٹ کا لکھا ہوا پڑھتے ہیں، اس پر میں نے جتنا بھی آپ کو بتایا، اگر میں دوبارہ وہی بات کروں گی تو مجھے Concern یہ ہے کہ ریلیز ہوئے ہیں لیکن لگائے نہیں گئے، مختص ہوئے لگائے نہیں گئے، ان کے یہاں اس اسمبلی میں بیٹھے دو سال ہو گئے ہیں، میں یہ نہیں کہتی، یہ وہ کہتے ہیں کہ فنڈز کوئی کھاتا نہیں ہے، مجھے بتائیں کہ فنڈز کس کے پاس ہوتے ہیں؟ فنڈز الماری میں نہیں پڑے ہوتے، نہ فنڈز بوریوں میں پڑے ہوتے ہیں، نہ فنڈز کسی کے Bed کے نیچے پڑے ہوتے ہیں، فنڈز کسی ڈیپارٹمنٹ کے Account میں تو پڑے ہوں گے، جب ریلیز ہو جاتے ہیں، ریلیز ہو کر فنڈز نہ لگیں تو پھر وہ فنڈز کسی کے Account میں تو پڑے ہوں گے، کسی شخص A,B,C,D,F کسی کے Account میں تو پڑے ہوں گے، اس کا مجھے بتائیں کہ وہ فنڈز جو پڑے ہوئے ہیں ان پر کون سود لے رہا ہے؟ ان پر دو سالوں سے کون اپنی من موجاں کروا رہا ہے؟ یہ

فاٹا کے حقوق کو جو آپ کہتے ہیں کہ فاٹا کے حقوق، جناب سپیکر صاحب، کامران بنگش یہاں پر بیٹھے ہوئے ہیں، میں ہر منسٹر کی دل سے قدر کرتی ہوں لیکن جب فاٹا کی بات آتی ہے تو پھر مجھ سے رہا نہیں جاتا، کیونکہ مجھے پتہ ہے کہ فاٹا کے لوگ کس طرح زندگی گزار رہے ہیں، مجھے پتہ ہے، جب ان کے پاس کھیل کے میدان نہیں ہوں گے، جب ان کے پاس ثقافت نہیں ہوگی تو وہ نشے کی طرف جائیں گے، وہ Terrorism کی طرف جائیں گے، وہ اور ہاتھوں میں جائیں گے، مجھے آج جواب چاہیئے کہ ریلیز ہوئے، مختص ہوئے لیکن اس کے باوجود خرچ نہیں ہوئے، کیوں نہیں ہوئے؟

<u>جناب تیمور سلیم خان (وزیر خزانہ)</u>: جناب سپیکر،۔۔۔۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: آپ Respond کریں گے؟

<u>وزیر خزانہ</u>: جی ہاں۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: جی تیمور جھگڑا صاحب۔

<u>وزیر خزانہ</u>: جناب سپیکر، نگہت بی بی بیس سال سے اسمبلی ممبر ہیں اور میں تو خاص قدر کرتا ہوں، انہوں نے ہمیشہ بڑی عزت دی ہے۔ اب میں Explain کرتا ہوں کہ یہ فنڈز کے ریلیز ہونے کا یہ مطلب نہیں ہوتا کہ فنڈز ایک Account سے دوسرے Account میں چلے جاتے ہیں، فنڈز کے ریلیز ہونے کا یہ مطلب ہوتا ہے کہ ان کی Authorization to spend مل جاتی ہے، Availability ہو جاتی ہے، اس حساب سے آپ دیکھیں تو قبائلی اضلاع میں جو فنڈز Available رہے ہیں، آپ نے پچھلے دونوں سال کا ڈیٹا دیکھا، میں Overall بات کر رہا ہوں، نوے (90) فیصد سے زیادہ، ایک سال ننانوے (99) فیصد اور ایک سال نوے (90) فیصد سے زیادہ وہ Expenditure ہوا، وہ اس گورنمنٹ نے کیا، اڑتالیس (48) ارب پچھلے سال اور اس سال ان شاء اللہ چون (54) ارب ہوگا، اس سے زیادہ بھی کریں گے، یہ پہلی چیز ہے۔ اب دوسری چیز Individual Project کی Basis میں بہت ایشوز آتے ہیں، یہ میں مانتا ہوں کہ یہ Individual Departments کا بھی قصور ہوتا ہے، یہ ہمارے سسٹم کا بھی قصور ہوتا ہے، وہاں پر ہمیں بالکل ان کو Pressurize کرنا چاہیئے لیکن یہ تاثر غلط ہے کہ اس گورنمنٹ نے قبائلی اضلاع پر پیسے نہیں لگائے، جو پیسے Available رہے ہیں یا وہ پیسے استعمال نہیں کئے ہیں، یہ آپ کو یاد ہے کہ بجٹ میں ساری بحث یہ ہو رہی تھی کہ سپلیمنٹری بجٹ اتنا زیادہ کیوں ہے؟ اس لئے کہ ہم نے ساری Re-appropriations کی تھیں تاکہ جو فنڈز Available ہوں وہ Maximum استعمال ہوں، یہ

ضروری ہے کہ اس بات پر کوئی Lack of clarity نہ ہو، اس اسمبلی کی اور اس گورنمنٹ کی قبائلی اضلاع کے لوگوں سے جو Commitment ہے، جہاں تک ممکن ہو اس سے زیادہ پورے کریں گے۔ دو باتیں میں کروں گا تاکہ یہ تاثر نہ جائے، جب ہم صحت کارڈ Launch کر رہے تھے تو ہم نے سب سے پہلے قبائلی اضلاع میں Launch کیا، اس وقت ہم نے باقی صوبے میں Launch نہیں کیا تھا لیکن قبائلی اضلاع کے لئے فیڈرل گورنمنٹ سے خصوصی پیکیج لے کر قبائلی اضلاع کے ہر Citizen کو دیا، آج یہ فیصلہ کیبنٹ میں بھی Rectify ہو گیا کہ فیڈرل گورنمنٹ کا پیکیج ہمارے بعد میں آنے والے پیکیج کے برابر نہیں تھا، ان شاء اللہ یکم نومبر سے قبائلی اضلاع کے ہر شخص کو وہ پیکیج ملے گا، جو اس صوبے میں باقی لوگوں کو ملتا ہے، کیونکہ ہم کوشش کرتے ہیں کہ قبائلی اضلاع میں اور باقی صوبے میں کوئی فرق نہ آئے۔ Individual Project پر بات ہو سکتی ہے لیکن کوئی فنڈ Lapse نہیں ہوتا، اس سال تو بالکل نہیں ہو گا کیونکہ ہم نے سو فیصد ریلیز کی ہے، اس کا فرق بھی Already سامنے نظر آیا ہے، پچھلے سال 31 اگست تک ایک ارب روپے ڈیویلپمنٹ میں خرچ ہوئے تھے، اس سال چودہ (14) ارب روپے خرچ ہوئے۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: جی میڈم۔

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی</u>: جناب سپیکر صاحب، یہ تقریباً کوئی پانچ سو کوئسچنز میں نے جمع کروائے اور وہ سارے قبائلی اضلاع کے متعلق ہیں، جو Merged areas ہیں، ہمارے پانچ سو کوئسچنز ہر ڈیپارٹمنٹ پر، یہ نہیں کہ جن کی میں عزت کرتی ہوں میں ان کے جواب کو اتنا زیادہ Loud and clear نہیں کر سکتی لیکن سی اینڈ ڈبلیو کا Message مجھے ملا ہے، تب بھی یہی حال تھا، اگر کسی اور ڈیپارٹمنٹ میں، کلچر میں اگر میں نے بات کی ہے تو یہی جواب تھا، آپ Individual Department کی اگر بات کرتے ہیں تو یہ Individual Department نہیں ہے، میرے محترم منسٹر صاحب، فنانس اینڈ ہیلتھ منسٹر صاحب، یہ ایک Individual محکمہ نہیں ہے، اس میں میں نے پانچ سو سوال جمع کروائے ہیں، ابھی تک میرا خیال ہے کہ سو سے زیادہ کے جوابات آچکے ہیں، اس لئے میں Emotional ہو جاتی ہوں کہ جب سو سے زیادہ کے جوابات میں مجھے یہی Answer ملتا ہے کہ مختص ہو گئے ہیں، ریلیز ہو گئے ہیں، لگا کچھ نہیں، جب کمیٹیاں ہی فعال نہیں ہیں، جناب سپیکر صاحب، میں لمبی چوڑی بات نہیں کرنا چاہتی، میرا یہ سوال کمیٹی میں بھجوائیں تاکہ وہاں پر یہ Thrash out ہو اور وہاں پر پتہ چلے کہ یہ پیسے ابھی تک خرچ کیوں نہیں ہوئے؟ جب آپ کہتے ہیں کہ اے ڈی پی میں بھی ہم نے مختص کئے، آپ یہ کہتے ہیں کہ ہم

نے یہاں پر بھی مختص کئے اور ریلیز کچھ نہیں ہوا، ریلیز ہوئے، خرچ کچھ نہیں ہوا تو اس کو کمیٹی کے حوالے کریں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی تیمور جھگڑا صاحب۔

وزیر خزانہ: سر، یہ کمیٹی دیکھ لے اور یہ بھی دیکھ لیں، اگر مزید فنڈز Spend کرنے ہیں تو اس میں نگہت بی بی بہت زبردست Role ادا کر سکتی ہیں، وہ یہ کہ خاص طور پر چونکہ یہ پچھلے سال بجٹ کی بات کر رہی ہیں، ہم نے پورا بجٹ جو ہے وہ کیا تھا، ہمیں توقع تھی کہ جو اس ملک کی سب سے Fair Party ہوتی تھی، ایک وقت میں پاکستان پیپلز پارٹی، جس کی سندھ میں حکومت ہے کہ وہ اپنا شیئر قبائلی اضلاع کے لئے دے گی، یہ اڑتالیس (48) کے بجائے ہم ساٹھ (60) ارب Spend کرتے، ان سارے پراجیکٹس میں وہ پیسے زیادہ Spend ہوتے، اگر نگہت بی بی اپنے Colleagues سے بات کر لیں اور قبائلی اضلاع کا حق جو پورے پاکستان سے دینا پڑتا ہے، وہ دے دیں تو ہم اپنی جیب سے دے رہے ہیں لیکن جو ان کی پارٹی کی حکومت ہے، اگر وہ نہیں دے رہی، اگر وہ دے تو میں گارنٹی دیتا ہوں کہ وہ سارے پیسے Spend بھی ہوں گے، اس کی شفافیت کی رپورٹ ان کو بھی اور سندھ کی گورنمنٹ کو بھی دیں گے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اس پر کافی لمبی ڈسکشن ہو گئی ہے، ایک منٹ، میں صرف یہ پوچھتا ہوں کہ آپ کمیٹی میں بھیجنا چاہتے ہیں کہ نہیں؟ جی میڈم۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب، میں یہاں پر Point scoring کے لئے نہیں آئی ہوئی ہوں اور نہ ہی میں اپنے سوالات سے Point scoring کر رہی ہوں، جو حقائق ہیں وہ آپ کو بتا رہی ہوں، آپ کے توسط سے اس ہاؤس کو بھی بتا رہی ہوں، تمام بیوروکریٹس جو بیٹھے ہوئے ہیں، تمام میرے Colleagues دیکھیں، یہاں پر سندھ گورنمنٹ کی بات کرنا یا کسی اور گورنمنٹ کی بات کرنا، یہ ایک Point scoring کی بات ہے، میں بہت احترام سے منسٹر صاحب کو یہ دل سے کہتی ہوں کہ منسٹر صاحب، آپ ایسا کریں کہ میرا اگلا ایک سوال آنے والا ہے، آپ ایسا کریں کہ Inter Provincial ایک کمیٹی ہے جس کے ذریعے آپ تمام صوبوں میں جائیں، تمام صوبوں کو اس پر اعتماد میں لینے کی کوشش کریں، یہاں پر میں نے آپ کی حکومت پر اگر گولہ باری کرنی ہوتی تو میں بہت زیادہ گولہ بارود استعمال کر سکتی تھی۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ کا پوائنٹ آگیا۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: میں اپنے سوال تک محدود ہوں، میں نے کسی حکومت کا نام نہیں لیا، پلیز، For God sake سندھ حکومت کا نام یہاں پر نہ لیا جائے کیونکہ سندھ حکومت۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ Agree کرتے ہیں کہ نہیں؟ میں Put کرتا ہوں۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: وہ فیڈرل گورنمنٹ کے زیر تابع ہے، فیڈرل گورنمنٹ ان سے بات کرے گی، یہاں سے کچھ نہیں۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تیمور جھگڑا صاحب، اس پر کافی ڈسکشن ہو گئی ہے، میں Put کرتا ہوں، آپ کمیٹی کے لئے Agree کرتے ہیں کہ نہیں کرتے؟

وزیر خزانہ: سر، اگر یہ اپنی گورنمنٹ کو نہیں کہتی تو پھر ہم نے جواب دے دیا ہے، یہ پولیٹیکل جواب نہیں تھا، یہ ایک Factual جواب تھا، قبائلی اضلاع پورے پاکستان کی Responsibility ہے، وہ Responsibility خیبر پختونخوا کی گورنمنٹ اٹھا رہی ہے، اگر ہم کہیں کہ جو باقی صوبے ہیں، میں پنجاب کو بھی یہی کہتا ہوں، ان کو بھی دینا چاہیئے لیکن یہ بات ہم نہیں کہہ سکتے، اگر سندھ پیسے نہیں دے رہا تو ان کو نہیں دینے چاہیئے، ہم ہی Effort کرتے ہیں، ہم پر ہی Criticism ہوتی ہے جبکہ ہم اپنے حصے سے زیادہ ڈالتے ہیں، اس کو ہم کمیٹی میں نہیں بھیجنا چاہتے کیونکہ جواب ہم نے Clearly دے دیا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میں Put کرتا ہوں،

Is it the desire of the House that the Question No. 12712, asked by the honorable Member, may be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say ‘Ayes’ and those who are against it may say ‘Noes’.

(The motion was defeated)

Mr. Deputy Speaker: The ‘Noes’ have it.

ہمارے Ex-FATA کے جو ممبران میرے ڈائس کے سامنے بیٹھے ہوئے ہیں، میں ان سے ریکویسٹ کرتا ہوں کہ آپ اپنی اپنی سیٹوں پر بیٹھ جائیں، آپ سے پہلے بلاول آفریدی صاحب میرے پاس آئے تھے، ایجنڈے کے بعد میں ان کو موقع دیتا ہوں، میں آپ سے ریکویسٹ کرتا ہوں کہ آپ اپنی سیٹوں پر چلے جائیں، تمام آنریبل ممبرز جو یہاں پر بیٹھے ہوئے ہیں، اپنی سیٹوں پر چلے جائیں، آپ اپنی سیٹوں پر چلے جائیں۔ کوسچن نمبر 12754، ریحانہ اسماعیل صاحبہ۔

* 12754 _ محترمہ ریحانہ اسماعیل: کیا وزیر صحت ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) صوبے میں تھیلیسیمیا سے متعلق جو قانون سازی کی گئی تھی، کیا وہ نافذ العمل ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ اس قانون کے تحت شادی کے بندھن میں بندھنے والے جوڑوں کے لئے تھیلیسیمیا ٹیسٹ لازمی قرار دیا گیا ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو اس ٹیسٹ کا مکمل طریقہ کار کیا ہے، مذکورہ ٹیسٹ کرانے کے لئے طے شدہ مقام، قیمت اور دیگر لوازمات کی تفصیل فراہم کی جائے؟

<u>جناب تیمور سلیم خان (وزیر خزانہ و صحت)</u>: (الف) اس سلسلے میں عرض ہے کہ صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا نے پبلک ہیلتھ ایکٹ 2009ء پاس کیا تھا جو تھیلیسیمیا اور ہیپٹائٹس (سی) کی روک تھام سے متعلق تھا۔

(ب) جی ہاں، اس ایکٹ کے تحت شادی کے بندھن میں بندھنے والے جوڑوں کے لئے تھیلیسیمیا ٹیسٹ لازمی قرار دیا ہے جو کہ متعلقہ نکاح رجسٹرار کی ذمہ داری ہے کہ وہ مذکورہ ٹیسٹ کے حصول کو یقینی بنائے، مزید برآں عرض ہے کہ اس ایکٹ کو بنانے میں محکمہ صحت سے ٹیکنیکل سپورٹ لی گئی تھی جبکہ اس پر عمل درآمد کی ذمہ داری لوکل گورنمنٹ ڈیپارٹمنٹ کا کام ہے۔

تھیلیسیمیا کے بارے میں ٹیسٹ کی سہولیات پبلک اور پرائیویٹ لیبارٹریوں میں موجود ہے، گورنمنٹ کی سطح پر یہ ٹیسٹ حیات آباد میڈیکل کمپلیکس پشاور میں موجود ہے جبکہ پرائیویٹ سیکٹر میں بھی مختلف لیبارٹریوں میں اس ٹیسٹ کی سہولیات موجود ہیں۔ سرکاری ہسپتال میں تھیلیسیمیا ٹیسٹ کی قیمت -/750 روپے ہے جبکہ پرائیویٹ لیبارٹریوں میں اس ٹیسٹ کی فیس /1400 روپے سے -/1600 روپے تک جاتی ہے۔

<u>محترمہ ریحانہ اسماعیل</u>: شکریہ جناب سپیکر، میں نے محکمہ صحت سے تھیلیسیمیا کے متعلق کوئسچن کیا ہے کہ صوبے میں تھیلیسیمیا سے متعلق جو قانون سازی کی گئی تھی، کیا وہ نافذ العمل ہے کہ نہیں؟ جواب میں مجھے بتایا جاتا ہے-----

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: سراج الدین صاحب، نثار مہمند صاحب، آپ Kindly ذرا سیٹوں پر چلے جائیں، بہتر ہو گا، میں آپ سے ریکویسٹ کرتا ہوں۔

<u>محترمہ ریحانہ اسماعیل</u>: جناب سپیکر، اس کا جواب سن لیں، صوبائی اسمبلی خیبر پختونخوا نے پبلک ہیلتھ ایکٹ 2009ء پاس کیا تھا جو تھیلیسیمیا اور ہیپٹائیٹس (سی) کی روک تھام سے متعلق تھا، انہوں نے ایکٹ کی کاپی مجھے فراہم کی ہے، میں نے کاپی نہیں مانگی تھی، میں نے یہ پوچھا تھا کہ آیا یہ نافذ العمل ہے کہ نہیں؟

اس ایکٹ کی کاپی میں یہ بھی لکھا گیا ہے کہ Within six months اس کے Rules بنائے جائیں گے، منسٹر صاحب، یہ بتائیں کہ اس کے Rules بن چکے ہیں، انہوں نے اس کی ذمہ داری لوکل گورنمنٹ پر ڈالی ہے اور نکاح رجسٹرار پر ڈالی ہے، ابھی تک لوکل گورنمنٹ نے اس سلسلے میں کیا کیا ہے؟ تھیلیسیمیا کو اگر دیکھیں تو انتہائی مہلک بیماری ہے اور کورونا کے Lock down میں ان بچوں کا جو حال دیکھیں تو ان کی تکلیف کا اندازہ Parents ہی کر سکتے ہیں کہ وہ کن مشکلات سے دوچار تھے، اگر قانون سازی کی ضرورت پڑی تھی، قانون سازی 2009ء میں کی گئی ہے، اس کے لئے نہ کوئی Rules بنے ہیں نہ اس کی Implementation کی طرف ہماری گورنمنٹ جارہی ہے، اس کے متعلق مجھے منسٹر صاحب بتائیں کہ کیا کر رہے ہیں؟

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: بلاول آفریدی صاحب، آپ پہلے اپنے Colleagues کو ساتھ لے کر جائیں کیونکہ آپ بھی ان کے ساتھ بیٹھے تھے، آپ چلے گئے اور اپنے Colleagues کو چھوڑ گئے ہیں، ان کو اپنے ساتھ لے کر جائیں۔ جی تیمور جھگڑا صاحب۔

<u>وزیر صحت</u>: جناب سپیکر، میں تو صرف اتنا ہی کہوں گا، یہ ابھی انہوں نے مزید سوال اٹھائے ہیں، جو سوال پوچھا جائے تو اس کا جواب ڈیپارٹمنٹ دے سکتا ہے۔ انہوں نے پہلا سوال یہ کیا کہ تھیلیسیمیا پر Legislation ہے، کیا وہ Implemented ہے کہ نہیں؟ تو جواب دیا گیا کہ ہاں جی، یہ Legislation ہے اور یہ Implemented ہے۔ پھر انہوں نے یہ بھی پوچھا کہ یہ ضروری ہے کہ تھیلیسیمیا کے لئے ٹیسٹ ہونا چاہیئے؟ میرے خیال میں یہ شوکت صاحب نے مجھے Inform کیا ہے کہ یہ نکاح رجسٹرار کی Responsibility ہے کہ وہ چیک کریں، اب Implementation perfect ہے یا Imperfect ہے، اس کا مجھے Exactly پتہ نہیں لیکن پھر انہوں نے پوچھا ہے کہ اس ٹیسٹ کے Procedure کی ڈیٹیل کیا ہے؟ ڈیٹیل بھی دی ہوئی ہے کہ کہاں پر وہ ٹیسٹ ہو سکتا ہے، اس کی کیا Price ہے؟ اب اگر ان کو یہاں مزید انفارمیشن چاہیئے یا ان کی مزید تجاویز ہیں تو وہ اسمبلی میں لے آئیں، میرے پاس آجائیں، ڈسکس کر لیں، ان چیزوں پر تو نہ Political point scoring کی ضرورت ہے، جو بھی اپوزیشن ایم پی اے کی اچھی تجویز آئے گی، انہوں نے ہی کہا تھا کہ کوہاٹ کے ہسپتال کو ایم ٹی آئی بنایا جائے، وہ تجویز بڑی اچھی تجویز تھی، اس پر ہم کام کر رہے ہیں، اس پر ہم کام کر لیں گے، یہ کونسی بڑی چیز ہے لیکن جواب ہم اسی چیز کا دے سکتے ہیں جو پوچھا جائے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی میڈم، ریحانہ اسماعیل صاحبہ۔

محترمہ ریحانہ اسماعیل: جناب سپیکر، بہت افسوس کی بات ہے، منسٹر صاحب، میں کوئی Point scoring نہیں کر رہی ہوں، میں پوچھ رہی ہوں کہ 2009ء میں جو قانون پاس کیا گیا تھا وہ نافذ العمل ہے کہ نہیں؟ اس کا جواب تو مجھے نہیں دیا گیا۔ دوسرے اور تیسرے پارٹ پر تو میں جا ہی نہیں رہی، اس کے Rules بنانا کس کا کام ہے؟ یہ ایک مہلک بیماری ہے، اگر اس کے لئے ایک Legislation کی گئی ہے تو وہ صرف Documents کی حد تک ہے، اس میں کونسی Point scoring ہے، اس کا اندازہ وہی لوگ لگا سکتے ہیں جو اس بیماری سے Suffer ہو رہے ہیں، جس کے بچے کے لئے خون نہیں مل رہا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی شوکت یوسفزئی صاحب۔

جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر محنت وثقافت): جناب سپیکر، یہ Basically انہوں نے ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ سے کوسچن کیا لیکن Basically یہ ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کا کوسچن ہے ہی نہیں، اس کو لوکل گورنمنٹ دیکھتا ہے کیونکہ جو نکاح رجسٹرار ہے، جو ہمارے ویلج کونسلز کے اندر بیٹھے ہوتے ہیں، ان کو پابند کیا گیا تھا کہ جب آپ کوئی بھی نکاح کریں تو آپ ان کے جو تھیلیسیمیا کے ٹیسٹس ہیں، وہ آپ ان سے ضرور لیا کریں۔ باقی انہوں نے پوچھا ہے کہ کہاں ہوتے ہیں؟ ظاہر ہے حیات آباد میں ہوتے ہیں، سرکاری ساڑھے سات سو روپے فیس ہے اور پرائیویٹ کہتے ہیں کہ کوئی چودہ سو (1400) یا کوئی سولہ سو (1600) لیتا ہے، پرائیویٹ بھی یہ ٹیسٹس ہو سکتے ہیں، یہ لازمی قرار دیا گیا تھا۔ Basically یہ جو پبلک ہیلتھ Deal کرتا ہے جس طرح ڈینگی ہو گیا یا جس طرح ملیریا ہو گیا، اس طرح یہ پبلک ہیلتھ نہیں، پی ایچ ای نہیں، بلکہ وہ پبلک ہیلتھ ہوتا ہے جو ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ کے اندر ہوتا ہے، Basically وہ اس کو Deal کرتے ہیں، اس پر Implementation لوکل گورنمنٹ کی Responsibility ہے، اس پر عمل ہو رہا ہے لیکن ظاہر ہے اگر نہیں ہو رہا تو وہ نشاندہی کر لیں کہ نہیں ہو رہا ہے، گورنمنٹ اس کو دیکھ لے گی، اگر نہیں ہو رہا تو اس کو ہم Implement کرا لیں گے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی میڈم۔

محترمہ ریحانہ اسماعیل: جناب، میں یہی کہہ رہی ہوں کہ اگر Implementation نہیں ہو رہی ہو، آپ نے لکھا بھی ہے کہ لوکل گورنمنٹ کا کام ہے، اس کو لوکل گورنمنٹ کمیٹی میں Refer کریں کہ یہ 2009ء کی Legislation ہے اور ابھی تک Implement کیوں نہیں ہوئی، انہوں نے ابھی تک کیا کیا

ہے؟ ان کے Rules بنے ہیں یا نہیں بنے، انہوں نے کیا Awareness programs کئے ہیں، نکاح رجسٹرار Aware کیا گیا ہے یا نہیں؟ اس سلسلے میں کافی چیزیں ہونی چاہئیں، مجھے نہیں لگتا کہ لوکل گورنمنٹ نے اس پر کچھ کام کیا ہو۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے۔ جی تیمور جھگڑا صاحب۔

وزیر صحت: جناب سپیکر، سیکرٹری ہیلتھ صاحب بیٹھے ہوئے ہیں، ان کو کہتا ہوں کہ ان کو Invite کریں، ساتھ سیکرٹری یا سپیشل سیکرٹری لوکل گورنمنٹ کو بھی Invite کریں، ہم یہ چیزیں Positive spirit میں لینا چاہتے ہیں، آگے بڑھیں، صرف Ping pong کرنے سے یہ Issues solve نہیں ہوتے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میڈم، امید ہے ابھی آپ ان کے جواب سے Satisfied ہوئی ہوں گی۔

محترمہ ریحانہ اسماعیل: جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے، تھینک یو۔ اب کوئسچن نمبر 12757 حمیرا خاتون صاحبہ۔

* 12757 _ محترمہ حمیرا خاتون: کیا وزیر صحت ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حالیہ برسوں کے دوران صوبہ بھر میں Breast cancer خواتین مریضوں کی تعداد میں اضافہ ہوا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو اس وقت صوبہ بھر میں Breast cancer سے متاثرہ مریضوں کی ضلع وار رجسٹرڈ تعداد کیا ہے، اضلاع کی سطح پر Breast cancer کے علاج اور آگاہی سے متعلق موجودہ سہولیات کی تفصیل کیا ہے، نیز گزشتہ دو سالوں کے دوران صوبہ بھر میں ضلع وار کتنی خواتین کے Breast cancer کی تشخیص کے لئے ٹیسٹس کئے گئے ہیں، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

جناب تیمور سلیم خان (وزیر صحت): (الف) یہ سچ ہے کہ حالیہ برسوں میں صوبے میں Breast cancer کے مریضوں میں اضافہ ہوا ہے جو جزوی طور پر بہتر تشخیصی سہولیات میسر ہونے کی وجہ سے ہے۔

(ب) Breast cancer کی جانچ پڑتال اور معائنہ مندرجہ ذیل مراکز میں فراہم کیا جاتا ہے:

(1) حیات آباد میڈیکل کمپلیکس (2) ارنم ہسپتال پشاور (3) آئی نور ایبٹ آباد (4) سائی نور سوات (5) بائی نور بنوں (6) ڈائی نور ڈی آئی خان۔

مندرجہ بالا معلومات حیات آباد میڈیکل کمپلیکس سے موصول ہوئی ہیں جو پیش کی گئی ہیں، بقیہ معلومات جب موصول ہوں گے تو جمع کروا دیئے جائیں گے۔

محترمہ حمیرا خاتون: شکریہ، جناب سپیکر صاحب۔ میں نے Breast cancer کے حوالے سے سوال پوچھا تھا، مجھے جو جواب دیا گیا ہے، اس میں یہ تسلیم کیا گیا ہے کہ ہاں واقعی پچھلے کچھ برسوں میں Breast cancer کے واقعات میں اضافہ ہوا ہے جبکہ اس کی وجہ جزوی طور پر بہتر تشخیصی عمل کو قرار دیا گیا ہے کہ اس کی سہولیات دی جارہی ہیں۔ میرا سپلیمنٹری سوال یہ ہے کہ کونسی بہتر تشخیصی سہولیات ہیں جن پر گورنمنٹ عمل درآمد کر رہی ہے پھر بھی کیسز بڑھ رہے ہیں؟ میرا دوسرا ضمنی سوال یہ ہے کہ بتایا گیا ہے کہ یہ معلومات صرف کمپلیکس ہاسپیٹل سے لی گئی ہیں، تو کیا اتنی بڑی بیماری کا جو ایک سیریس بیماری ہے، اس کی صرف ہم ایک ہاسپیٹل کی معلومات کی بنیاد پر اپنی تسلی کرا سکتے ہیں؟ تیسرا جو یہاں پر اردو کی اصطلاحات میں ایک غلطی ہوئی ہے جو کہ جمع کی بجائے جمعہ لکھا گیا ہے، میرے خیال میں کم از کم اسمبلی فلور کے اوپر اردو زبان میں اتنی ایک اہم چیز جو ایک مختصر جملہ ہوتا ہے، اس میں اس طرح کی غلطی نہیں ہونی چاہیئے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: Concerned Minister, to respond. ایک منٹ، محترمہ شگفتہ ملک صاحبہ کا سپلیمنٹری ہے۔

وزیر صحت: جناب سپیکر، میں۔۔۔۔

محترمہ شگفتہ ملک: جناب سپیکر صاحب، ما دیکښې دا بیماری چې کومه ده، تاسو ته پته ده چې دیکښې لګیا ده ډیره زیاته اضافه کیږی او دا زمونږه هغه زنانه دی چې هغه بالکل پوهه نه وی چې Early stage کښې کله دا بیماری اولګی نو هغوی ته نه وی پته، په هغې کښې بیا چې کوم سټیج ته لاړ شی نو د هغې Treatment دومره زیات Expensive وی، بیا د هغه علاج کولو هغوی هم جوګه پاتې نه شی، نو زما ریکویسټ دا دے چې منسټر صاحب دې دا اوواییٔ چې د دې Early stage د پاره د حکومت سره څه داسې پروګرام شته چې په زنانؤ کښې Awareness د میډیا په ذریعه هم راتلے شی، دا مختلف ستاسو هاسپیټلز، بی ایچ یوز، دا څومره چې هاسپیټلز دی، زنانه په Daily basis ځی، د دې د پاره جی دا ډیره مهمه ده۔

جناب ڈپٹی سپیکر: تیمور جھگڑا صاحب۔

وزیر صحت: جناب سپیکر، سوال بڑا اچھا ہے، Breast cancer بڑی سیریس بیماری ہے، اس پر زیادہ کام بھی کرنا چاہیئے۔ میں مس شگفتہ ملک کا شکریہ ادا کرتا ہوں کہ انہوں نے اس میں Positive انداز میں Constructive feedback کیا، ہماری ایم پی اے جنہوں نے سوال پوچھا، میں مس حمیرا خاتون کو بھی یہ ریکویسٹ کرتا ہوں کہ اس پر Implementation کی Effort چل رہی ہے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: Order in the House. لیاقت خان صاحب، آپ اپنی سیٹ پر بیٹھ جائیں۔

وزیر صحت: پہلے تو یہ کہ Breast cancer screening صحت کارڈ پروگرام کا حصہ ہے، یہ اسی لئے حصہ ہے کہ Preventive screening ہو سکے اور پورے صوبے میں ہے۔ دوسری چیز ہماری ایم پی اے مسز عائشہ بانو نے اس پر پہلے ایک Initiative اٹھایا تھا، ہم نے ہیلتھ ڈیپارٹمنٹ میں Breast cancer screening کی Execution بہتر کرنے کے لئے کمیٹیاں بنائی ہیں، اگر انہوں نے شامل ہونا ہے تو یہ بھی ہو جائیں، To become part of the solution, rather than part of the problem.

جناب ڈپٹی سپیکر: جی میڈم، حمیرا خاتون صاحبہ۔

محترمہ حمیرا خاتون: شکریہ۔ میں منسٹر صاحب کو اس بات پر Appreciate کرتی ہوں کہ انہوں نے بات کو سیریس لیا، بالکل میں اس کمیٹی میں شامل بھی ہونا چاہوں گی اور یہ خواتین کے حوالے سے ایک اہم ایشو ہے جس کا سدباب ہونا چاہیئے۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: ٹھیک ہے، یہ کہہ رہی ہیں تو آپ ان کو اپنی کمیٹی میں پھر شامل کر دیں۔ جی تیمور صاحب۔

وزیر محنت وثقافت: جناب سپیکر، پہلی بات تو یہ ہے کہ یہ ٹورازم کا کوسچن ہے لیکن یہ سپورٹس اور کلچر سے پوچھا گیا ہے، بحرحال Written جواب آچکا ہے، دیکھیں دیر، سوات اور ہزارہ یہ تمام وہ علاقے ہیں، جہاں پر ٹورازم کی Possibility تھی، اس سال جو دیر اپر ہے، اس میں جہاں جہاں ٹورازم سپاٹس تھے، باچا صالح صاحب نے جو کوسچن کیا، اس کا جواب دینا میرے لئے ذرا مشکل ہے کیونکہ میرے پاس اس کی ڈیٹیل نہیں ہے، انہوں نے کہا کہ کالام روڈ کے لئے کتنے پیسے رکھے گئے ہیں، پاتراٹ کے لئے کتنے پیسے رکھے گئے ہیں؟ وہ تو ایسا کوسچن ہونا چاہیئے جو Available ہو، میرے پاس اس کی ڈیٹیل نہیں ہے۔ باقی انہوں نے جو بات کی ہے، ہماری اس گورنمنٹ کی سب سے بڑی Priority ہے کہ جہاں جہاں ٹورازم کے سپاٹس ہمیں مل سکتے ہیں تو ہم اس کو ڈیویلپ کریں گے کیونکہ اس کا سب سے بڑا فائدہ یہ ہے کہ Locally معیشت بہتر ہو سکتی ہے، Locally لوگوں کو روزگار مل سکتا ہے، اس میں یہ نہیں دیکھا جارہا کہ یہ سوات ہے، یہ شانگلہ ہے یا بونیر ہے یا کوئی اور ہے، کیونکہ اس سال اپر دیر کے بہت سارے سپاٹس کی نشاندہی ہو چکی ہے، ان کی Feasibility study بھی تقریباً Complete ہو چکی ہے یا ہو رہی ہے، اب انٹرنیشنل لیول کی جو Consultancy ہے، اس کو Hire کیا جارہا ہے، یہ باقاعدہ ڈیپارٹمنٹ نے کہا ہے کہ Next year سے یہ تمام جتنے سپاٹس ہیں یہ شامل کر دیئے جائیں گے۔ میرے خیال سے اس کو پھر کمیٹی میں بھیجنے کا تو فائدہ اس لئے نہیں کہ نشاندہی اس سال ہوئی ہے، اس کے بعد Feasibility study ہوئی ہے، اس کے بعد International consultants کو Hire کیا جارہا ہے، ایک جامع منصوبہ بنایا جارہا ہے کہ وہاں کس طرح ٹورازم کو Promote کیا جائے، میں ان کو یہ یقین دلاتا ہوں کہ دیر، چترال یہ سارے علاقے ہمارے صوبے کے علاقے ہیں، اگر ہزارہ کو ہم Promote کر سکتے ہیں، شانگلہ اور سوات کو کر سکتے ہیں تو دیر کوئی ہم سے الگ نہیں ہے لیکن ظاہر ہے اگر دیر سے اس کی سٹڈی شروع ہوئی ہے، ابھی جو شانگلہ کے روڈز آئے ہیں، انہوں نے بتایا ہے، ابھی تو وہ نہ ہی مکمل ہیں، نہ ہی ابھی کام شروع ہو رہا ہے، اسی طرح ان شاءاللہ Next year سے ان کا کام شروع ہو جائے گا۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی ثناءاللہ صاحب، میرے خیال سے انہوں نے کافی تفصیل سے جواب پیش کیا ہے۔

صاحبزادہ ثناءاللہ: جناب سپیکر صاحب، د شوکت یوسفزئی صاحب نہ زہ صرف دا تپوس کوم چې دا کوم روډ ونہ تاسو شامل کړی دی، دا کوم Consultancy چې د

دې Feasibility جوړه کړې ده، تاسو مونږ ته دا اووایئ چې دا تاسو په کومه Consultancy باندې چې زمونږ د پاره به هغه انټرنیشنلی راولی او تاسو به خپل پکښې په نا حقه شامل کړئ، ما ته د هغې Consultancy نوم اوښایئ او د هغې ډیټیل راته اوښایئ۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی شوکت یوسفزئی صاحب۔

وزیر محنت وثقافت: جناب سپیکر، انہوں نے Consultancy کی بات کی، شانگلہ میں دو تین روز سے عاطف خان بیٹھے ہوئے ہیں، ان کے دور سے باقاعدہ اس کی فیزیبلٹی بنی، میں نے کہا تھا کہ کافر بانڈہ روڈ وہ پانچ کلومیٹر ہے، جب Consultants وہاں گئے تو انہوں نے دیکھا کہ وہ سولہ (16) کلومیٹر تھا، پھر اس کے بعد اس کو شامل کیا گیا۔ اسی طرح برج بانڈہ تھا، میں نے کہا، یہ آٹھ (8) کلومیٹر ہے، جب انہوں نے دیکھا تو ساڑھے چار کلومیٹر تھا، ہماری نشاندہی تو اپنی جگہ لیکن کیا ہماری نشاندہی پر یہاں بیٹھ کر وہ کہے کہ جی اس کے لئے اتنے روپے مختص کئے جائیں، اس کا ایک طریقہ کار ہوتا ہے، میں نے تو کہا کہ فیزیبلٹی ہو چکی ہے، اب اس کے بعد ظاہر ہے اس کے لئے Consultancy hire ہو رہی ہے، ہمارے جتنے بھی روڈز ہوئے ہیں، عاطف خان صاحب اس کے منسٹر رہ چکے ہیں، بغیر Consultancy کے ہو نہیں سکتا ہے۔

(شور)

جناب ڈپٹی سپیکر: ایک منٹ جی، اس پر آپ کو جواب مل چکا ہے، اگر آپ اس کو کمیٹی میں بھجوانا چاہتے ہیں تو میں ہاؤس کو Put کرتا ہوں۔

Is it the desire of the House that Question No. 13181, asked by the honorable Member, may be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say ‘Ayes’ and those who are against it may say ‘Noes.’

(The motion was defeated)

Mr. Deputy Speaker: The ‘Noes’ have it. The Question could not be referred.

غیر نشاندار سوالات اور ان کے جوابات

12898_ جناب خوشدل خان ایڈوکیٹ: کیا وزیر بہبود آبادی ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ میں ضلع پشاور میں گزشتہ سات سالوں سے تاحال مختلف آسامیوں پر تعیناتیاں کی گئی ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ عرصہ کے دوران تمام بھرتی شدہ افراد کی درخواستیں، شناختی کارڈ، ڈومیسائل،، تعلیمی اسناد، بھرتی آرڈرز، موجودہ پوسٹنگ آرڈرز، اخباری اشتہارات،بنیادی سکیل اور سلیکشن کمیٹی کے ممبران کے نام فراہم کئے جائیں؟

سیداحمد حسین شاہ(معاون خصوصی برائے بہبودآبادی): (الف) جی ہاں۔

(ب) مطلوبہ معلومات کی تفصیل ضمیمہ (الف) میں لف ہے۔(تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی)۔

اراکین کی رخصت

جناب ڈپٹی سپیکر: Leave applications:جناب میاں شرافت علی خان صاحب،ایم پی اے،آج کے لئے،جناب محمود خان بٹنی صاحب،ایم پی اے آج کے لئے،جناب خوشدل خان صاحب،ایم پی اے آج کے لئے، جناب قلندر لودھی صاحب،ایم پی اے 13 اور 14 ستمبر کے لئے، سردار اورنگزیب نلوٹھا صاحب،ایم پی اے آج کے لئے،جناب فیصل امین خان،منسٹر،آج کے لئے، محترمہ انیتہ محسود صاحبہ،ایم پی اے آج کے لئے، جناب محمد نعیم خان صاحب،ایم پی اے آج کے لئے، سردار محمد یوسف زمان صاحب،ایم پی اے آج کے لئے،جناب انور حیات خان صاحب،ایم پی اے آج سے تااختتام اجلاس، محترمہ سومی فلک نیاز صاحبہ،ایم پی اے آج کے لئے، محترمہ رابعہ بصری صاحبہ،ایم پی اے آج کے لئے،جناب ارشدایوب صاحب، منسٹرآج کے لئے،جناب محمد ظاہر شاہ صاحب،ایم پی اے آج کے لئے،جناب روی کمار صاحب،ایم پی اے آج کے لئے، مولاناعصام الدین صاحب،ایم پی اے آج کے لئے،آپ کو منظور ہے؟

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The leave is granted.

جناب بلاول آفریدی: جناب سپیکر صاحب،آپ سے چیمبر میں بات ہوئی، مجھے بات کا موقع دیں۔

جناب سپیکر کی جانب سے اعلان

جناب ڈپٹی سپیکر: جب ایجنڈا ختم ہو جائے تو میں آپ کو موقع دیتا ہوں۔ اب ایک Announcement ہے۔

محترم ممبران اسمبلی! فیڈرل بورڈ آف ریونیو ایف بی آر کے ریجنل ٹیکس آفس پشاور نے انکم ٹیکس کے سالانہ گوشوارے برائے سال 22-2021ء کے لئے اپنے اہلکاروں کو اسمبلی سیکرٹریٹ میں عارضی طور پر تعینات کیا ہے جو ممبران اسمبلی کو اس سلسلے میں سہولت دیں گے تاکہ مقررہ وقت پر انکم

ٹیکس کے گوشوارے مکمل کرکے داخل کئے جاسکیں، لہذا اس سلسلے میں جن ممبران اسمبلی کو متعلقہ سہولت درکار ہو تو وہ 30 ستمبر 2021ء سے پہلے صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ سے رابطہ کر سکتے ہیں۔

(اس مرحلہ پر نئے ضم شدہ اضلاع کے اراکین اسمبلی احتجاج کر رہے ہیں)

(شور)

جناب ڈپٹی سپیکر: بلاول صاحب، آپ بچوں جیسی حرکتیں نہ کریں-----

(شور)

جناب ڈپٹی سپیکر: میری بات سنیں، آپ میرے آفس آئے تھے، میں نے آپ کو کہا تھا کہ ایجنڈا ختم ہونے کے بعد آپ کو موقع دوں گا، اگر آپ Chair کو Blackmail کرنا چاہتے ہیں تو آپ Chair کو کبھی بھی Blackmail نہیں کر سکتے، میں کسی سے Blackmail ہونے والا نہیں ہوں-----

(شور)

جناب ڈپٹی سپیکر: بلاول صاحب، آپ بچوں جیسی حرکتیں نہ کریں۔

تحریک التواء

Mr. Deputy Speaker: Naeema Kishwar, MPA and Humaira Khatoon, MPA, to please move their joint adjournment motion No. 341.

(شور)

محترمہ حمیرا خاتون: شکریہ جناب سپیکر صاحب، اسمبلی کی معمول کی کاروائی روک کر اس اہم مسئلے پر بحث کرنے کی اجازت دے دی جائے کہ الیکٹرانک ووٹنگ مشین EVM پر بحث کی جائے کیونکہ آج کل ملک میں اس پر بحث اور بات ہو رہی ہے، حکومت اس کے لئے مختلف اقدامات کر رہی ہے۔

جناب سپیکر صاحب، آپ سے یہ ریکویسٹ ہے کہ اس تحریک التواء کو منظور کریں، میرے خیال میں اس پر ڈیٹیل ڈسکشن ہونی چاہیئے۔

Mr. Deputy Speaker: Is it the desire of the House that the adjournment motion, moved by the honorable Members, may be adopted for detailed discussion in the House, under rule 73 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa, Procedure and Conduct of Business Rules, 1988? Those who are in favour of it may say 'Ayes' and those who are against it may say 'Noes.'.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The 'Ayes' have it.

توجہ دلاؤنوٹس ہا

Mr. Deputy Speaker: Item No.7. Ms. Nighat Yasmeen Orakzai, MPA, to please move her call attention notice No. 2097, in the House.

(شور)

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: پلیز، میرا توجہ دلاؤنوٹس سن لیں، میرا ایجنڈا ہے، خدا کے لئے ذرا سا چپ ہو جاؤ، میرے توجہ دلاؤنوٹس کو سن لیں۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: نگہت اورکزئی صاحبہ، آپ پڑھیں۔

(شور)

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب، میں وزیر محکمہ بین الصوبائی رابطہ کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتی ہوں، وہ یہ کہ نیپرا قانون کے مطابق بجلی کا بل تیس (30) اور اکتیس (31) دنوں کا بھیجنا ہوتا ہے لیکن بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں نے نیپرا قانون کے برعکس ہمارے ملک کے تمام عوام اور خصوصاً ہمارے صوبہ خیبر پختونخوا کے عوام کو نہایت ہی بے دردی سے لوٹنا شروع کیا ہے اور مہینے کا بل سینتیس (37) اور اڑتیس (38) دنوں کا بھیجنا شروع کیا جو کہ غریب عوام کے ساتھ کھلا مذاق ہے اور اس بجلی کی تقسیم کار کمپنیوں نے عوام کی جیبوں پر ناجائز ڈاکہ ڈالا ہے جو کہ باعث تشویش ہے۔

جناب سپیکر، اس میں میں پانچ کیٹگریز کی بات کرتی ہوں کہ ایک بندہ جو چوبیس (24) ہزار کا بل دیتا ہے اور اس پر پچیس (25) ہزار روپے کا جب بل آتا ہے تو اس پر آٹھ فیصد سرچارج جرمانہ لگ جاتا ہے، ہر بندہ چاہتا ہے، ہر گھرانہ چاہتا ہے کہ میرا پچیس (25) ہزار روپے سے زیادہ بل نہ آئے تاکہ مجھ پر آٹھ فیصد سرچارج نہ آئے لیکن سینتیس (37) دن کا بل۔۔۔۔۔

Mr. Deputy Speaker: Concerned Minister to respond, Kamran Bangash Sahib.

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب، ایک منٹ، جب یہ سینتیس (37) دنوں کا بل آجاتا ہے تو یہ پچیس (25) ہزار سے زیادہ ہو جاتا ہے۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ کو جواب دے رہا ہے، جی کامران بنگش صاحب۔

جناب کامران خان بنگش (معاون خصوصی برائے اعلیٰ تعلیم): جناب سپیکر، میڈم نے جو کال اٹنشن نوٹس پیش کیا ہے وہ Inter Provincial Coordination Committee نے فیڈرل منسٹری کے ساتھ Take up کیا ہے، میں اس کی کاپی میڈم کو حوالے کر دیتا ہوں، ہم نے Already ان کے جو Concerns ہیں وہ ادھر Communicate کئے ہیں، وہاں بھیج دیئے ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ میڈم کے ساتھ بیٹھ جائیں، جو کاپی ہے وہ میڈم کو فراہم کریں۔

معاون خصوصی برائے اعلیٰ تعلیم: ٹھیک ہے۔

(شور)

(اس مرحلہ پر جناب بہادر خان، رکن اسمبلی بھی احتجاج میں شامل ہو گئے)

جناب ڈپٹی سپیکر: بہادر خان صاحب، آپ ذرا بات سن لیں۔

(شور)

Mr. Deputy Speaker: Mr. Inayatullah Khan, MPA, to please move his call attention notice No. 2099.

(شور)

جناب عنایت اللہ: میں وزیر برائے محکمہ صحت کی توجہ ایک اہم مسئلے کی طرف مبذول کرانا چاہتا ہوں، وہ یہ کہ Open heart surgery کے دوران دو اہم انجیکشن، انتہائی اہم انجیکشن دیئے جاتے ہیں، ایک انجیکشن۔۔۔۔۔

(شور)

جناب عنایت اللہ: پلیز، ہاؤس کو In order کریں، ان کو موقع دے دیں۔۔۔۔۔

Mr. Deputy Speaker: The House in order, please.

(شور)

جناب عنایت اللہ: جناب سپیکر، ان کو پلیز موقع دے دیں۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: اگر یہ Chair کو Blackmail کرنا چاہ رہے ہیں تو میں کسی سے Blackmail ہونے والا نہیں ہوں، مجھے کوئی بھی Blackmail نہیں کر سکتا، جتنا بھی زور کرے Blackmail ہونے والا میں نہیں ہوں۔ عنایت اللہ خان صاحب، آپ شروع کر لیں ورنہ میں Next item پر چلا جاؤں گا، آپ پڑھیں، عنایت اللہ خان صاحب، آپ پڑھیں۔

جناب عنایت اللہ: جناب سپیکر صاحب، یہ ہاؤس آرڈر میں نہیں ہے، اس کا کوئی فائدہ نہیں ہے، اگر میں اس کو پیش کروں بھی تو اس کا کوئی فائدہ نہیں ہے۔۔۔۔۔

(شور)

جناب ڈپٹی سپیکر: عنایت اللہ خان صاحب، آپ پڑھیں۔

(شور)

مسودہ قانون (ترمیمی) بابت خیبر پختونخوا کارخانہ جات مجریہ 2021ء کا پیش کیا جانا

Mr. Deputy Speaker: Item No. 8: Honorable Minister for Labour, to please introduce the Khyber Pakhtunkhwa, Factories (Amendment) Bill, 2021, in the House.

Mr. Shaukat Ali Yousafzai (Minister for Labour): Mr Speaker, I introduce the Khyber Pakhtunkhwa, Factories (Amendment) Bill, 2021, in the House.

Mr. Deputy Speaker: It stands introduced.

(شور)

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب،۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میڈم، ایک منٹ، میری بات سن لیں، آپ پہلے ان کو چپ کرائیں، آپ میری بات سن لیں، آپ ان کو کہیں کہ وہ میری بات ذرا سنیں۔

(شور)

جناب ڈپٹی سپیکر: ایک منٹ، میری بات سنیں، دیکھیں پہلے تو ان کا آپس میں اتفاق نہیں ہے۔۔۔۔۔

(شور)

جناب ڈپٹی سپیکر: میری بات سن لیں، پہلے میری بات سنیں، ایک منٹ، سن لیں، میرے خیال سے بلاول صاحب اور میڈم نگہت اورکزئی آپ بھی تھیں، میرے آفس میں آئے، آپ کو میں نے کہا تھا کہ Last item سے پہلے میں آپ کو موقع دوں گا۔

(شور)

جناب ڈپٹی سپیکر: ایک منٹ، میں نے پہلے کہہ دیا ہے کہ میں Blackmail ہونے والا نہیں ہوں۔

مسودہ قانون بابت خیبر پختونخوا سابق قبائلی علاقہ جات کے ملازمین کی مستقلی ملازمت مجریہ 2021ء کا پیش کیا جانا

Mr. Deputy Speaker: Item No. 9: Minister for Law, on behalf of the honorable Chief Minister, to please introduce the Khyber Pakhtunkhwa, (Regularization of Services of Employees of Erstwhile Federally Administered Tribal Areas) Bill, 2021, in the House.

Mr. Shaukat Ali Yousafzai (Minister for Labour): Mr. Speaker, on behalf of the honorable Chief Minister, I introduce the Khyber Pakhtunkhwa, (Regularization of Services of Employees of Erstwhile Federally Administered Tribal Areas) Bill, 2021, in the House.

Mr. Deputy Speaker: It stands introduced.

مسودہ قانون (ترمیمی) بابت مغربی پاکستان موٹر گاڑیوں پر ٹیکس مجریہ 2021ء کا پیش کیا جانا

Mr. Deputy Speaker: Item No. 10: Advisor to honorable Chief Minister, to please introduce the West Pakistan Motor Vehicles Taxation (Amendment) Bill, 2021, in the House.

Mr. Khaliq-ur-Rehman (Advisor Excise and Taxation): Mr. Speaker, on behalf of the honorable Chief Minister, I introduce the West Pakistan Motor Vehicles Taxation (Amendment) Bill, 2021, in the House.

(شور قطع کلامیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: ایک منٹ، جو اپنے بات پر نہیں ٹکتا، میں ان میں سے نہیں ہوں- بلاول صاحب میرے آفس آئے تھے، میں نے ان کو کہا تھا جو Last item No. 15 ہے، اس سے پہلے میں ان کو موقع دوں گا لیکن یہ ان کا آپس میں اتفاق نہیں ہے، میں کسی سے Blackmail ہونے والا نہیں ہوں اور نہ یہ بچوں کی اسمبلی ہے، بلاول، بچوں جیسی حرکتیں مت کریں، اس کے لئے تصویر والا ثناء اللہ بلا دو، بلاول کے لئے ثناء اللہ بلا دو کہ وہ پکچر کھینچ لیں۔ Item No. 10. It stands introduced.

(شور)

جناب ڈپٹی سپیکر: میں نے ان کو کہا تھا کہ میں آئٹم نمبر 15 سے پہلے موقع دوں گا، یہ میں ابھی بھی کہہ رہا ہوں لیکن یہ بچوں جیسی حرکتیں بند کر دیں، یہ وہ پیکچر والے چکر میں ہے تاکہ ان کی پیکچر آ جائے اور میڈیا پر چلے۔

مسودہ قانون (دوسری ترمیم) بابت خیبر پختونخوا یونیورسٹیاں مجریہ 2021ء کا زیر غور لایا جانا

Mr. Deputy Speaker: Item No. 11 and 12: Mr. Kamran Bangash, Special Assistant to honorable Chief Minister, to please move that the Khyber Pakhunkhwa, Universities (Second Amendment) Bill, 2021 may be taken into consideration at once.

Mr. Kamran Khan Bangash (Special Assistant for Higher Education): Thank you, Mr. Speaker. I, on behalf of the Chief Minister, move that the Khyber Pakhtunkhwa, Universities (Second Amendment) Bill, 2021 may be taken into consideration at once.

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Universities (Second Amendment) Bill, 2021 may be taken into consideration at once? Those who are in favour of it may say 'Ayes' and those against it may say 'Noes'.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The 'Ayes' have it. Since no amendment has been moved by any honorable Member in Clauses 1 and 2 of the Bill, therefore, the question before the House is that clauses 1 and 2 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say 'Ayes' and those who are against may say 'Noes'.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The 'Ayes' have it. Clauses 1 and 2 stand part of the Bill. Preamble and Long Title also stand part of the Bill.

مسودہ قانون (دوسری ترمیم) بابت خیبر پختونخوا یونیورسٹیاں مجریہ 2021ء کا پاس کیا جانا

Mr. Deputy Speaker 'Passage Stage': Mr. Kamran Khan Bangash, Special Assistant to the honorable Chief Minister, to please move that the Khyber Pakhtunkhwa, Universities (Second Amendment) Bill, 2021 may be passed.

Special Assistant for Higher Education: Thank you, Mr. Speaker. I, on behalf of the Chief Minister, move that the Khyber Pakhtunkhwa, Universities (Second Amendment) Bill, 2021 may be passed.

<u>Mr. Deputy. Speaker:</u> The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Universities (Second Amendment) Bill, 2021 may be passed? Those who are in favour of it may say 'Ayes' and those who are against may say 'Noes.'.

(The motion was carried)

<u>Mr. Deputy Speaker</u>: The 'Ayes' have it. The Bill is passed.

مسودہ قانون بابت خیبر پختونخوا مقامی حکومتیں (تیسری ترمیم) مجریہ 2021 کا زیر غور لایا جانا

<u>Mr. Deputy Speaker:</u> Item No. 13. 'Consideration Stage of the Bill': The Minister for Parliamentary Affairs, to please move that the Khyber Pakhtunkhwa, Local Government (Third Amendment) Bill, 2021 may be taken into consideration at once. Kamran Bangash Sahib.

<u>Mr. Kamran Khan Bangash (Special Assistant to Chief Minister on Higher Education):</u> Sir, I on behalf of Chief Minister, request to move that the Khyber Pakhtunkhwa, Local Government (Third Amendment) Bill, 2021 may be taken into consideration at once.

<u>Mr. Deputy Speaker</u>: The motion before the House is that the Khyber Pakhtunkhwa, Local Government (Third Amendment) Bill, 2021 may be taken into consideration at once? Those who are in favour of it may say 'Ayes' and those who are against it may say 'Noes'

(The motion was carried)

<u>Mr. Deputy Speaker:</u> The 'Ayes' have it. Clause 1 of the Bill, since no amendment has been proposed by any Honorable Member in Clause 1 of the Bill, therefore, the question before the House is that Clause 1 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say 'Ayes' and those who are against it may say 'Noes'.

(The motion was carried)

<u>Mr. Deputy Speaker:</u> The 'Ayes' have it. Clause 1 stands part of the Bill. Amendment in Clause 2 of the Bill, Ms. Nighat Yasmeen Orakzai MPA, to please move her amendment in Clause 2 of the Bill, Nighat Yaseem Orakzai-----

(Pandemonium)

<u>محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی:</u> تا سو لږ کښينئی کنه چي زه دا------

<u>جناب ڈپٹی سپیکر:</u> نگہت یاسمین اورکزئی۔

(شور / قطع کلامیاں)

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: تاسو لږ کښېنئی کنه لږ کښېنخوئی کنه چې زه ورسره خبره او کړمه کنه؟-----

(شور / قطع کلامیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: نگہت یاسمین اورکزئی صاحبہ، نگہت یاسمین اورکزئی۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب! سب سے پہلے تو یہ Constitution----

جناب ڈپٹی سپیکر: میڈم! آپ اپنی امنڈمنٹ پیش کریں۔ اپنی-----

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: سر! سب سے پہلے-----

جناب ڈپٹی سپیکر: اپنی امنڈمنٹ پیش کریں۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: میں بات کرنا چاہ رہی ہوں جناب سپیکر، یہ Unconstitutional ہے، یہ بالکل Unconstitutional ہے۔

جناب ڈپٹی سپیکر: یہ Unconstitutional نہیں ہے۔ میڈم! آپ کی امنڈمنٹ آ گئی، میں نے آپ کو Floor دے دیا، آپ کی امنڈمنٹ ہے بات کریں اس پہ۔

محترمہ نگہت یاسمین اوکزئی: میں نہیں بات کرنا چاہ رہی ہوں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی جو امنڈمنٹس جمع ہوئی ہیں، جو امنڈمنٹس جمع ہوئی ہیں میں ان سب کو موقع دے رہا ہوں۔

Ms. Nighat Yasmeen Orakzai: I Miss. Yasmeen Orakzai to move that in Clause 2, the word "in rules", may be deleted----.

(Pandemonium)

جناب ڈپٹی سپیکر: جب آپ سوئے ہوئے ہیں، ٹائم پہ اپنی امنڈمنٹس جمع نہیں کرتے تو کیسی بات ہے۔ جی نگہت اورکزئی صاحبہ!-----

(شور / قطع کلامیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: جی جی میڈم بات کریں آپ، آپ بات کریں-----

(شور / قطع کلامیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: میڈم! آپ بات کریں۔ میڈم! بات کریں آپ-----

(شور / قطع کلامیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: میڈم! آپ بات کریں-----

(شور / قطع کلامیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: میں Motion پیش کرتا ہوں-----

(شور / قطع کلامیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: میں Motion پیش کر رہا ہوں-----

(شور / قطع کلامیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: میں Motion پیش کر رہا ہوں۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر صاحب! آپ اپنی کرسی کو غیر آئینی بنا رہے ہیں۔

Mr. .Deputy Speaker: The motion before the House is that the amendment, moved by the Honorable Member, may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Ayes' and those who are against it may say 'Noes'.

(The motion was dropped)

Mr. Deputy Speaker: The 'Noes' have it. The amendment is dropped. Now the question before the House is that that original Clause 2 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say 'Ayes' and those who are against it may say 'Noes'.

(The motion was carried)

Mr. Deputy. Speaker: The 'Ayes' have it. Original Clause 2, stand part of the Bill. First amendment in Clause 3 of the Bill, Ms. Nighat Yasmeen Orakzai MPA, to please move her amendment in Clause 3 of the Bill-----

(Pandemonium)

Mr. Deputy. Speaker: Ms. Nighat Yasmeen Orakzai MPA, to please move her amendment in Clause 3 of the Bill-----

(Pandemonium)

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the amendment, moved by the Honorable Member, may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Ayes' and those who are against it may say 'Noes'.

(The motion was dropped)

Mr. Deputy. Speaker: The 'Noes' have it. The amendment is dropped. The 'Ayes' have it. The amendment stands part of the-----

(Interruption)

Mr. Deputy Speaker: Second amendment in Clause 3 of the Bill. Ms. Nighat Yasmeen Orakzai, to please move her second Amendment in Clause 3 of the Bill. Nighat Yasmeen Orakzai, to please move her amendment in Clause 3 of the Bill-----

(Pandemonium)

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that the amendment, moved by the Honorable Member, may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Ayes' and those who are against it may say 'Noes'.

(The motion was dropped)

Mr. Deputy Speaker: The 'Noes' have it. The amendment is dropped. Third amendment in Clause 3 of the Bill, Ms. Naeema Kishwar MPA, to please moves her amendment in Clause 3 of the Bill. Naeema Kishwar Sahiba,

محترمہ نعیمہ کشور خان: سپیکر صاحب! میں صرف ایک بات آپ کے Knowledge میں لانا چاہ رہی ہوں، آپ اپنے سٹاف سے پوچھ لیں، ہمارے جتنے ممبران کھڑے ہیں، آپ جو قانون سازی کر رہے ہیں Illegal کر رہے ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ اپنی امنڈمنٹ پیش کریں۔

محترمہ نعیمہ کشور خان: نہیں میری بات سن لیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میڈم! آپ اپنی امنڈمنٹ پیش کریں-----

(شور/ قطع کلامیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: میڈم! آپ اگر Blackmail کرنا چاہ رہی ہیں تو آپ اسمبلی کو Blackmail نہیں کر سکتیں، آپ Harass نہیں کر سکتیں-----

(شور/ قطع کلامیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: میں Put کرتا ہوں، The motion-----

(شور/ قطع کلامیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ Put کریں نا، آپ امنڈمنٹ پیش کریں-----

(شور/ قطع کلامیاں)

جناب ڈپٹی سپیکر: آپ اپنی امنڈمنٹ پیش کریں۔ میڈم نعیمہ کشور! آپ امنڈمنٹ پیش کریں، آپ امنڈمنٹ پیش کریں۔

محترمہ نعیمہ کشور خان: میں بل پہ بات کر رہی ہوں، آپ کو سننا پڑے گا، آپ کو سننا پڑے گا-----

(مداخلت)

محترمہ نعیمہ کشور خان: دیکھیں بل کا ایک طریقہ ہوتا ہے پہلے Reading، دوسرے تیسرے پہ ہر ممبر کو بات کرنے کا حق ہوتا ہے-----

(مداخلت)

محترمہ نعیمہ کشور خان: آپ کسی کو بات کرنے نہیں دے رہے ہیں۔

جناب ڈپٹی سپیکر: میں Put کرتا ہوں۔ The motion before the House is that that the amendment, moved by the Honorable Member, may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Ayes' and those who are against it may say 'Noes'.

(The motion was dropped)

Mr. Deputy. Speaker: The 'Noes' have it. The amendment is dropped. Now the question before the House is that the original Clause 3 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say 'Ayes' and those who are against it may say 'Noes'.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The 'Ayes' have it. Original Clause 3 stands part of the Bill. Amendment in Clause 4 of the Bill. Ms. Nighat Yasmeen Orakzai MPA, to please move her amendment in Clause 4 of the Bill-----

(Pandemonium)

Mr. Deputy. Speaker: The motion before the House is that the amendment, moved by the Honorable Member, may be adopted? Those who are in favour of it may say 'Ayes' and those who are against it may say 'Noes'.

(The motion was dropped)

Mr. Deputy Speaker: The 'Noes' have it. The amendment is dropped. Now the question before is that the original Clause 4 may stand part of the Bill? Those who are in favour of it may say 'Ayes' and those who are against it may say 'Noes'.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The 'Ayes' have it. Original Clause 4 stands part of the Bill. Preamble and Long Title also stand part of the Bill.

مسودہ قانون بابت خیبر پختونخوا مقامی حکومتیں (تیسری ترمیم) مجریہ 2021 کا پاس کیا جانا

Mr. Deputy Speaker: Item No. 14. 'Passage Stage': Minister for Parliamentary Affairs, to please move that the Khyber Pakhtunkhwa, Local Government (Third Amendment) Bill, 2021 may be passed. Kamran Bangash Sahib.

Mr. Kamran Khan Bangash (Special Assistant to Chief Minister on Higher Education): Sir, I on behalf of Chief Minister request to move that the Khyber Pakhtunkhwa-----

(Pandemonium)

Special Assistant to Chief Minister on Higher Education: Local Government (Third Amendment) Bill, 2021 may be passed.

Mr. Deputy Speaker: The motion before the House is that that the Khyber Pakhtunkhwa, Local Government (Third Amendment) Bill, 2021 may be passed? Those who are in favour of it may say 'Ayes' and those who are against it may say 'Noes'.

(The motion was carried)

Mr. Deputy Speaker: The 'Ayes' have it. The Bill is passed.

(Applause)

تحریک التواء نمبر 333 پر قاعدہ 73 کے تحت بحث

Mr. Deputy Speaker: Item No. 15: Discussion will be continued.

گورنمنٹ کی طرف سے اس پر کون Respond کرے گا؟ جی شوکت یوسفزئی صاحب۔

جناب شوکت علی یوسفزئی (وزیر محنت وثقافت): جناب سپیکر، اس دن اس پر کافی بحث ہوئی تھی-----

جناب ڈپٹی سپیکر: جی۔

وزیر محنت وثقافت: ہمارے جو ممبران اسمبلی ہیں، انہوں نے اپنے اپنے خیالات کا اظہار بھی کیا تھا، یہ بڑا Important تھا، اس لئے کہ Law and Order کی جو Situation ہوتی ہے وہ ہم سب کے لئے Concern کی بات ہوتی ہے، بلکہ میں سب سے کہوں گا کہ کافی عرصہ سے صورتحال خراب رہی ہے۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: جناب سپیکر، Illegal Bill پاس کروالیا، آپ کی کرسی Illegal ہے۔

وزیر محنت وثقافت: جناب سپیکر، رویوں کی بات ہوتی ہے، اگر ہمارے Mind set-----

جناب ڈپٹی سپیکر: میں Rule 226 کے تحت میڈم نگہت اورکزئی کو Warn کرتا ہوں۔

وزیر محنت وثقافت: جی۔

جناب ڈپٹی سپیکر: شوکت یوسفزئی صاحب، آپ کریں، ورنہ میں Adjourn کر دوں گا۔

وزیر محنت وثقافت: اچھا ٹھیک ہے-----

جناب ڈپٹی سپیکر: میں Adjourn کر دوں گا۔

وزیر محنت وثقافت: جناب سپیکر، دیکھیں، میرے دوستوں نے Law and Order کے اوپر کافی بحث کی، اس ایوان کے اندر کچھ اعداد و شمار بھی دیئے، دیکھیں ہر حکومت کی یہ خواہش ہوتی ہے، یہ کوشش ہوتی ہے کہ وہ Law and Order کو برقرار رکھے اور اپنے لوگوں کو تحفظ دے، اس کے لئے ہماری حکومت آنے سے پہلے اگر آپ Figures اٹھا کر دیکھ لیں تو اس صوبے کے اندر جو دہشت گردی رہی، وہ حالات اگر آپ دیکھ لیں جو یہاں سے Investors بھاگ کر اٹک کے اس پار چلے جاتے تھے، وہ صورتحال بھی آپ کے سامنے ہے، میں یہ نہیں کہوں گا کہ ان کا کوئی قصور تھا یا وہ چاہتے تھے لیکن بدقسمتی سے کہوں گا کہ Region میں حالات ایسے بنے کہ اس وجہ سے Law and Order کی صورتحال اتنی خراب ہوئی کہ لوگ گھروں سے باہر نہیں نکل سکتے تھے، ہمارے ایم پی ایز پر حملے ہوتے تھے، منسٹرز کے اوپر حملے ہوتے تھے، اغواء برائے تاوان اس طرح کے واقعات ہوتے تھے، لوگ بہت خوفزدہ تھے، Investment رک گئی تھی، وہ Situation ہم سامنے رکھیں، اگر ہم یہ کہیں کہ جی Crime zero ہو گیا ہے تو یہ زیادتی ہو گی، اس لئے کہ Crimes امریکہ میں بھی ہو رہے ہیں، ان کے ساتھ تمام تر وسائل ہیں لیکن یہ کہ گورنمنٹ کیا کر رہی ہے، گورنمنٹ Response دے رہی ہے یا نہیں دے رہی ہے؟ وہ تمام اعداد و شمار میرے ساتھ بھی ہیں۔ جو واقعات ہوئے ہیں، اس میں صرف یہ نہیں کہ دہشت گردی ہوئی ہے، یہ واقعات ایسے بھی نہیں ہیں کہ جی رہزنی کے واقعات میں کسی کو مارا گیا ہے یا اغواء برائے تاوان کے دوران مارا گیا، یہ جو زیادہ تر واقعات ہوئے ہیں، جو انہوں نے کہا کہ چون (54) ہیں، یہ چون (54) نہیں یہ تقریباً کوئی چھتیس سینتیس (36/37) کے قریب ہیں، اس میں زیادہ تر یہ پختون معاشرہ ہے، یہاں پر ذاتی دشمنیاں رہی ہیں، جتنے واقعات ہوئے ہیں، اس میں Majority جو کیسز رپورٹ ہوئے ہیں وہ ذاتی دشمنی کے ہوئے ہیں اور ذاتی دشمنی آپ کو پتہ ہے کہ اس کو روکنا کافی مشکل ہوتا ہے لیکن کوشش یہ ہو رہی ہے کہ ہم اس صوبے میں ایسی صورتحال بنائیں کہ ہمارا تاثر اچھا جائے۔ جس طرح اس صوبے سے لوگ خوفزدہ تھے، ہمارا ٹورازم تباہ ہو گیا تھا، آج آپ دیکھیں، اللہ کے فضل سے ہمارے جو ٹورازم سپاٹس

ہیں، جو ہمارے ٹورزازم کے علاقے ہیں، چاہے وہ گلیات ہے، چاہے وہ ملاکنڈ ڈویژن ہے، چھٹی کے دن اتنے لوگ ہوتے ہیں کہ جانے کا راستہ نہیں ملتا، میں سمجھتا ہوں کہ اگر لوگوں کا یہ اعتماد بحال ہوا ہے تو یہ اس لئے ہوا ہے کہ یہاں امن وامان کی صورتحال بہت زیادہ بہتر ہوئی ہے۔۔۔۔۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: This credit goes to افواج پاکستان۔۔۔۔۔

جناب ڈپٹی سپیکر: جی آپ بات جاری رکھیں۔

وزیر محنت وثقافت: اور یہ بالکل میں ان کی یہ بات Endorse کرتا ہوں کہ ہماری سیکورٹی فورسز نے بڑی قربانیاں دی ہیں، اس میں کوئی شک نہیں ہے، یہ جو سیکورٹی ادارے ہوتے ہیں یہ حکومت کے ساتھ کام کرتے ہیں، چاہے وہ فوج ہے، چاہے وہ پولیس کے ادارے ہیں، ان کی قربانیوں کو ہم سلوٹ پیش کرتے ہیں کہ انہوں نے قربانیاں دی ہیں۔یہ ادارے اس لئے بنتے ہیں کہ وہ اپنے صوبوں کی، اپنے ملک کی حفاظت کریں، اپنی سرحدوں کی حفاظت کریں، اپنے عوام کی حفاظت کریں، میں فخر کرتا ہوں کہ ہمارے ان اداروں نے اپنی جان پر کھیل کر امن قائم کیا۔ دوسرا یہ کہ اس وقت چونکہ آپ کو پتہ ہے کہ پشاور سیف سٹی کے حوالے سے کافی عرصے سے اس پر کام ہو رہا ہے، ابھی کافی اس پر کام تیز بھی ہو گیا ہے، ہم چاہتے ہیں کہ ہمارے جتنے بھی علاقے ہیں، کینٹ ایریا ہے، اس کے علاوہ خاص کر اندر شہر کے جو علاقے ہیں، وہاں ہم کیمرے نصب کر رہے ہیں، اس پر کافی حد تک کام ہو چکا ہے، ہم چاہتے ہیں اس شہر کو Safe بنائیں، جب سیف سٹی پراجیکٹ یہاں کامیاب ہوتا ہے تو ہم اس کو Replicate کریں گے۔ دوسرا جو ہمارا شہر ہے تاکہ جو انٹرنیشنل ایک طریقہ کار ہے کہ امن وامان قائم کرے، اس کی طرف ہم جا رہے ہیں۔ جناب سپیکر، پچھلے دنوں ہم نے پنجاب کا دورہ کیا، وہاں پر کافی مواد تھے کہ جو عالمی سطح پر معیار کا جو طریقہ کار ہے، (شور) ہم چاہتے ہیں کہ اس صوبے کو وہی Facilities دیں، وہی ٹیکنیکل سپورٹ ملے تاکہ یہاں کے امن وامان کی صورتحال بہتر ہو۔ میں آپ کا شکریہ ادا کرتا ہوں، میں اللہ کا شکر ادا کرتا ہوں کہ جو لوگ اعتراض کرتے ہیں، جو لوگ آج امن وامان کی صورتحال پر انگلیاں اٹھا رہے ہیں، ان سب کو پتہ ہے کہ اس صوبے میں کیسا دور گزر چکا ہے، اللہ نہ کرے کہ وہ دور واپس آئے۔ ہمارا پچھلے پانچ سال کا جو Tenure تھا اس میں بھی کافی بہتری آئی اور یہ جو دور ہے اس میں بھی کافی بہتری آرہی ہے کیونکہ ہم نے پولیس کو آزاد کیا ہے، ہم نے پولیس کو وہ تمام سہولیات دی ہیں جو پچھلی حکومتوں میں نہیں دی جا سکیں، اللہ کے فضل سے آج پولیس Well equipped ہے، Well trained ہے اور جوان کی Requirements ہیں وہ

گورنمنٹ پوری کرنے کے لئے تیار ہے،ان شاء اللہ تعالیٰ میں امید کرتا ہوں کہ وقت کے ساتھ ساتھ یہاں کے حالات مزید بہتر ہوں گے۔آج پولیس کو بھی اعتماد آرہا ہے کہ ان کے پیچھے عوام کھڑے ہیں، حکومت ان کے ساتھ ہے، حکومت ان کی ضروریات کو دیکھ رہی ہے، میں اپنی تقریر اس پر ختم کرتا ہوں لیکن جناب سپیکر،ایک بات، (شور) مجھے انتہائی دکھ ہو رہا ہے،تکلیف ہو رہی ہے کہ میرے آٹھ سال اس اسمبلی میں As a Member ہوئے، اس سے پہلے میں تقریباً کوئی اٹھارہ سال As a journalistاس اسمبلی کو میںCover کر چکا ہوں،ایساAttitude،ایسا رویہ کبھی میں نے نہیں دیکھا، احتجاج ہوتا ہے، ممبران احتجاج بھی کرتے ہیں لیکن سپیکر کے ساتھ جو رویہ آج میں دیکھ رہا ہوں، وہ انتہائی افسوناک، کسی کو یہ اجازت نہیں دی جاسکتی کہ وہ سپیکر پر کوئی کو ئسچن کرے، اگر آپ کے پاس اکثریت ہے تو جمہوریت ہے، ان کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک لے آئیں، اگر نہیں ہے تو یہ جمہوریت کا خاصہ نہیں ہے کہ آپ اپنی جو بھڑاس ہے، جو آپ کی ناکامی ہے، آپ کچھ نہیں کر سکتے، آپ نے اپنے دور میں کچھ نہیں کیا، اس کی بھڑاس آج اس طرح نکالنا، یہ اللہ کے فضل سے ہمارے فاٹا کے جوMerged areas ہیں یہ اس حکومت کوCredit جاتا ہے، (شور) اس حکومت کوCredit جاتا ہے کہ ان کے مسائل آج اس اسمبلی میں اٹھ رہے ہیں، یہ اس حکومت کا Credit ہے کہ فاٹا کے عوام کی آواز یہاں (شور) کچھ لوگ نہیں چاہتے کہ فاٹا کے عوام کے مسائل حل ہوں، میںAs a Ministerاس حکومت کا ایک حصہ ہونے کے ناطے میں ان کو دعوت دیتا ہوں (شور) کہ یہ فاٹا کے بارے میں کیا کہنا چاہتے ہیں، ہم ان کو سننا چاہتے ہیں لیکن کتنی دیر سے ہم لگے ہوئے ہیں، آپ فاٹا کے حوالے سے کیا کہنا چاہتے ہیں؟آپ نے پرسوں تحریک التواء پیش کی، میں نے کہا کہ آپ تحریک التواء کو ایڈمٹ کرنا چاہتے ہیں،آپ تحریک التواء کے لئے کمیٹی بنانا چاہتے ہیں، آپ کیا کرنا چاہتے ہیں؟تاکہ جو قبائلی عوام ہیں، جو لوگ ہمیں دیکھ رہے ہیں، ان کے مسائل حل ہو سکیں (شور) لیکن بدقسمتی یہ ہے کہ ان کے پاسPolitical scoring کے علاوہ کوئی ایجنڈا نہیں ہے، قبائلی عوام ایجنڈا مانگ رہے ہیں، قبائلی عوام چاہتے ہیں کہ ان کے مسائل حل ہوں۔ (شور) جناب سپیکر، چیخیں مارنے سے، چلانے سے یا دھرنے دینے سے، یہ قبائلی عوام کے لئے خیر خواہی نہیں ہے، یہ اپنے آپ کوIsolate کر رہے ہیں، ہم سب قبائلی ہیں، ہم قبائلی عوام کے ساتھ ہیں۔ (شور) جناب سپیکر، اس حکومت نے شروع دن سے لے کر آج تک قبائلی عوام کے لئے اربوں روپے کے منصوبے دیئے ہیں اور وہImplement ہو

رہے ہیں، ان کو تکلیف یہ ہو رہی ہے کہ قبائلیوں کے لئے کیوں کام ہو رہے ہیں، بڑے بڑے منصوبے کیوں بنائے جا رہے ہیں، سڑکیں کیوں بنائی جا رہی ہیں، ہسپتالوں کو کیوں Upgrade کیا جا رہا ہے؟ ان کو یہ تکلیف ہو رہی ہے۔ میں آج بھی یہ کہنا چاہتا ہوں، اگر ان میں سے کسی میں ہمت ہے تو قبائلی عوام کے لئے بات کریں، ہم ان کو موقع دینا چاہتے ہیں، اگر نہیں کرنا چاہتے تو یہ اسمبلی ہے چوک یادگار نہیں ہے، اس میں اس طرح کی حرکت ناقابل برداشت ہے، اگر آپ نے بات کرنی ہے تو آئیں بات کریں، قانون کے دائرے میں بات کریں، ہم آپ کی ہر بات سننے کے لئے تیار ہیں، ہمارے پاس جواب ہے۔ (شور) جناب سپیکر، ہم قبائلی عوام کے Responsible ہیں، ہم ان کو جواب دینا چاہتے ہیں، اس لئے ان کے پاس تو کچھ ہے ہی نہیں، یہ کیا پوچھنا چاہتے ہیں؟ یہاں یہ سارے منسٹر بیٹھے ہیں، آپ کیا پوچھنا چاہتے ہیں؟ ہم آپ کو جواب دیتے ہیں لیکن آپ کے پاس ایجنڈا ہی نہیں ہے، آپ سوائے شور شرابے کے آپ خبریں بنانا چاہتے ہیں، آپ قبائلی عوام کو کیا میسج دینا چاہتے ہیں، قبائلی عوام پینے کا صاف پانی مانگ رہے ہیں، وہ چاہتے ہیں کہ ان کے لئے سکول بنیں، تعلیمی ادارے بنیں، سڑکیں بنیں، ہسپتال بنیں اور وہ بن رہے ہیں، یہ کیا چاہتے ہیں، یہ کیوں چیخ رہے ہیں، ان کو کیا تکلیف ہے؟ جو لوگ پیسوں کے زور پر اسمبلی میں آتے ہیں وہ کبھی عوام کی خدمت نہیں کر سکتے، یہ پیسوں کے زور پر آنے والے لوگ ہیں، جو لوگ پیسوں کے زور پر آئے ہیں وہ عوام کی خدمت نہیں کر سکتے۔ (شور) میں آج بھی دعوے سے کہتا ہوں، اگر ان میں ہمت ہے تو قبائلی عوام کے لئے کوئی بات کریں، اگر آپ بات نہیں کر سکتے تو یہ اسمبلی ہے، یہاں دوسرے لوگوں کا وقت ضائع نہ کیا جائے، یہاں پر قوم کا پیسہ لگتا ہے، تمہارے شور شرابے کے لئے یہ پیسہ نہیں لگے گا، اگر آپ نے شور کرنا ہے تو اسمبلی سے باہر جا کر شور کریں۔۔۔۔۔

Mr. Deputy Speaker: The House in order, please.

وزیر محنت وثقافت: اپنے پیسوں پر شور کریں۔۔۔۔۔

(شور)

وزیر محنت وثقافت: اس اسمبلی پر عوام کا پیسہ خرچ ہو رہا ہے۔۔۔۔۔

Mr. Deputy Speaker: The House in order, please.

وزیر محنت وثقافت: اس اسمبلی پر عوام کا پیسہ خرچ ہو رہا ہے، عوام کے پیسوں پر آپ شور کر رہے ہیں، آپ تخریب کاری کر رہے ہیں، آپ Positive بات کریں، آپ عوام کی بات کریں، یہ چور کس طرح

اسمبلی میں پہنچے ہیں؟ ہمیں نہیں پتہ جس طریقے سے یہ اسمبلی میں پہنچے ہیں، یہ عوام کی خدمت نہیں کر سکتے۔۔۔۔۔

(شور)

<u>وزیر محنت وثقافت</u>: انہوں نے جس طریقے سے اس اسمبلی کا ماحول خراب کیا ہے، استحقاق مجروح کیا ہے، ان پر تو پابندی لگنی چاہیئے، یہ قبائلی عوام کے نمائندے نہیں ہیں۔

<u>جناب ڈپٹی سپیکر</u>: تھینک یو۔ میں نے بلاول آفریدی صاحب سے وعدہ کیا تھا کہ میں ان کو موقع دوں گا لیکن بلاول آفریدی صاحب اپنے وعدے پر پورے نہیں اترے۔

The sitting is adjourned till 2:00 pm, afternoon, tomorrow.

(اجلاس بروز منگل مورخہ 14 ستمبر 2021ء بعد از دوپہر دو بجے تک کے لئے ملتوی ہو گیا)